فکر و نظر........... اسلام آباد　　جلد: ۴۸　　شمارہ: ۲

# رہن سے انتفاع میں عرف کی رعایت

حافظ عابد محمود نظامی☆

**ABSTRACT**

'Rehan' mean to pledge a property (mal) under detention and suspension in consideration of a right available against its owner and which may be satisfied out of that property. It is merely a security against the loan.

Majority of the Muslim jurists viewed that the pledged property assumes the status of trust in the hand of mortgagee. If pledged property is destroyed or lost without negligence of mortgagee then he will be 'amin' (trustee) and will remain entitled to his debt which was due on mortgager. Jurists of Hanafi school of thought opined that in this case the loan will be lapsed from mortgager. If the value of the pledge exceeds the amount of the debt, the excess is in this case considered as a trust for which the pledgee will not be held responsible for its destruction. Because he is responsible after taking the pledged property in his possession. And the responsibility of pledge extended to the amount of the debt owing to the pledge.

In present day different types of loans are given by banks and traders. They required security against the loan or sale. For this purpose they get valuable goods or property as a mortgage. In this article different kinds of 'rehan' and 'buyu' (plural of bai which means sale) were mentioned. The main objective of this article is to show the authenticity of 'Urf ' in the source of classical and contemporary Islamic law. The special focus of the article is to explain the issues related to mortgager or mortgagee benefiting from pledge in the light of 'Urf' and the legitimacy of the topic according to the text of Qur'an and Sunnah as well as 'Ijma' and 'Qiyas'.

عنوان مقالہ ''رہن سے انتفاع میں عرف کی رعایت'' کا شرعی حکم بیان کرنے سے پہلے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ رہن کے لغوی و اصطلاحی معانی اور قرآن، سنت اور فقہاء کی آراء کی روشنی میں رہن

☆ صدر شعبہ اسلامیات، اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات گورنمنٹ ڈگری کالج کہوٹہ، ضلع راولپنڈی

کی قانونی حیثیت، اقسام رہن و بیوع جن میں رہن کو بطور گارنٹی استعمال کیا جاتا ہے، کو بیان کیا جائے:

## ۱۔ رہن کے لغوی معانی:

رہن سے گروی اور شے مرہونہ مراد ہے (مصدر مفعول کے معنی میں ہے)۔ اس کی جمع رھان اور رُہُنٌ ہے۔(۱)

"رهنته الشیء" و "أرْهَنْتُه الشیء" دونوں کا معنی ایک ہے یعنی میں نے اس کے پاس چیز رہن رکھی (ملخصاً)(۲) ابن سیدۃ نے: "رهنه" کا معنی "أدامه" سے کیا ہے یعنی اس نے ہمیشہ رکھا۔(۳)

کہا جاتا ہے: "ارهنت لهم الطعام والشراب" اس کے معنی ہیں میں نے ان کے لیے کھانے پینے کا مستقل ذمہ لیا، ایسے کھانے کو طعام راھن کہا جاتا ہے۔(۴) حبس یعنی روکنے میں ثبوت اور دوام کے معانی پائے جاتے ہیں، اس لیے رہن کے لفظی معنی حبس کے ہوئے۔(۵)

ماوردی، مرغینانی اور کاسانی وغیرہ کی رائے میں رہن شے کے روکنے کا نام ہے، ہدایہ میں ہے: "الرهن لغةً حبس الشیء بای سبب کان"(٦) سبب کوئی بھی ہو مطلق شے کے روکنے اور قید کرنے کو رہن کہتے ہیں۔

علامہ سید شریف جرجانی نے لکھا ہے: "الرهن هو فی اللغة: مطلق الحبس"(۷)، محبوس اور گروی کے معنی کی تائید قرآن و سنت سے ہو رہی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "کل نفس بما کسبت رهينة"(۸) کہ ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے میں گروی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ قبر میں مؤمن کی جان قرض کی وجہ سے قید رہے گی، حتیٰ کہ اس کی طرف سے قرض کو ادا کر دیا جائے: "نفس المؤمن مرهونة بدينه حتى يقضى عنه دينه"(۹) یعنی یہاں مرہونہ کے معنی "محبوس فی القبر" یعنی قبر میں بند رہنے کے ہیں اور رہن کے دوسرے معانی بھی انجام کار پہلے معانی کومستلزم ہیں کیوں کہ محبوس ہونا بھی اپنی جگہ پر قائم رہنا اور وہاں سے نہ ہٹنا ہے۔(۱۰) چنانچہ مرہونہ قرض دینے والے کے ہاتھ میں اس وقت تک قید رہتی ہے، جب تک وہ اپنا قرض وصول نہ کر لے۔ مرتہن کو رہن پر محض قبضے اور حبس کا حق ہے۔ مرتہن کا انتفاع حبس اور قبضے کے خلاف ہے، اسی پر رہن کے لغوی معنی دلالت کرتے ہیں اور یہی لغوی معنی شرعاً بھی ملحوظ ہوں گے۔

خلاصہ یہ ہے کہ رہن میں ثبوت و دوام، گروی رکھنا، محبوس کرنا، ہمیشہ کا ذمہ لینا کے معانی پائے جاتے ہیں اوریہ ثلاثی مجرد یا مزید فیہ دونوں طرح استعمال ہوتا ہے اس کے معنی میں کوئی فرق نہیں ہے۔

## ۲۔ رہن کی اصطلاحی تعریف:

دیب الحضری نے **قاموس الالفاظ الاسلامیۃ** میں رہن کے متعلق لکھا ہے :

> [Rahn] pledging or pawning .A legal term which signifies the detention of a thing on account of a claim which may be answered by means of that thing: as in the case of debt.(۱۱)

اس تعریف سے معلوم ہوتا کہ رہن ایک قانونی اصطلاح ہے اور مالی مطالبہ کی وجہ سے کسی شے کے قید کرنے اور روکنے کو ظاہر کرتی ہے اوراس مطالبہ کو اس چیز سے پورا کیا جاتا ہے۔ علامہ سید شریف جرجانی نے اس کی شرعی تعریف میں لکھا ہے:

> **"الرھن فی الشرع حبس الشیء بحق یمکن اخذہ منہ کالدین"**(۱۲)
>
> شریعت میں رہن حق کے بدلے میں شے کو روکنا ہے، جس سے حق کا وصول کرنا ممکن ہو جیسے دین۔

مجلّہ میں ہے:

> **"الرھن حبس مال وتوقیفہ فی مقابل حق یمکن استیفاؤہ منہ ویسمی ذٰلک المال مرھونا ورھنا"**(۱۳)
>
> رہن مال کا روکنا ہے اور رہن کو مال کے مقابلے میں روکنا ہے تا کہ حق کی ادائیگی اس مال سے ممکن ہو سکے ایسے مال کو مرہون یا رہن (گروی شدہ) کہتے ہیں۔

تمام مکاتب فکر کے فقہاء نے رہن کی اپنے اپنے انداز میں اصطلاحی تعریف کی ہے، طوالت اور موضوع سے صرف نظر کے خوف کی وجہ سے محض چند تعریفات بیان کی ہیں۔ ذیل میں احکام رہن کے حوالے سے چاروں مآخذ: قرآن، سنت، اجماع اور قیاس سے اجمال کے طور پر استدلال کیا گیا:

### (ا) رہن قرآن حکیم کی روشنی میں:

قرآن حکیم میں واضح طور پر رہن رکھنے کا حکم ملتا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

’’وَأَنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍوَّلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًافَرِهٰنٌ مَقْبُوضَةٌ فَأَنْ أَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًافَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ‘‘(۱۴)

اور اگر تم سفر میں ہو اورتمہیں دستاویز لکھنے والا نہ ملے، تو قبضہ دی ہوئی رہن ( کی بنا پر معاملہ کرو) پھر اگر تمہیں ایک دوسرے پر اعتبار ہو، تو جس پر اعتبار کیا گیا ہے اسے چاہیے، کہ وہ اس کی امانت ادا کرے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے۔

## (ب) رہن سنت نبیﷺ کی روشنی میں:

رہن کے حوالے سے متعد دصحابہ اور صحابیات سے منقول احادیث ملتی ہیں:

۱۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے: ”**اشتری رسولﷺ طعاماً من یھودی بنسیئة و رھنه درعاً له من حدید**“ یعنی حضورﷺ نے یہودی سے ادھار پر طعام خریدا اور اپنی لوہے کی زرہ اس کے پاس رہن رکھی۔ آپﷺ کی ایک روایت میں ہے: ”**توفی النبی ﷺ و درعه مرھونة عند یھودی بثلا ثین صاعامن شعیر**“(۱۵) جب رسول اللہﷺ کا وصال ہوا تو آپ کی زرہ تیس صاع(۱۶) جو کے عوض ایک یہودی کے پاس رہن رکھی ہوئی تھی۔ اسی طرح حضرت اسماء بنت یزید(۱۷)، حضرت انس، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنھم سے متعدد الفاظ کے ساتھ منقول ہے۔ بخاری، نسائی اور سنن ابن ماجہ میں یہ حدیث متعدد الفاظ کے ساتھ حضرت انسؓ سے منقول ہے، الفاظ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضورﷺ کے زیر کفالت اس وقت نو گھرانے تھے اور ان کے لیے صبح شام کے لیے صرف ایک صاع کھانا تھا۔(۱۸) حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ جس سے معلوم ہوتا جب حضورﷺ کا وصال ہوا، تو آپ کی زرع تیس صاع جو کے بدلے میں رہن تھی۔(۱۹)

۲۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولﷺنے فر مایا: ’’**الظھر یرکب بنفقته اذاکان مرھونا ولبن الدر یشرب بنفقته اذا کا ن مر ھو نا وعلی الذی یرکب ویشرب النفقة**‘‘(۲۰) گروی رکھے ہوئے سواری کے جانور پر اس کے خرچے کے بدلے سواری کی جائے گی اور اس کا دودھ استعمال کیا جا ئے گا اور جو شخص سواری کرے گا یا دودھ کو پیئے گا جانور کا خرچہ اس کے ذمہ ہے۔

۳۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺنے فرمایا: ’’**الرھن مرکوب ومحلوب**‘‘(۲۱) گروی جانور سواری کیا ہوا اور دودھ دوہیا ہوا ہے۔

۴۔ حضرت ابوہریر ہ رضی اللہ عنہ سے راویت ہے کہ رسولﷺ نے فرمایا: ’’**الرھن بما فیه**‘‘(۲۲)

رہن اس قرض کے بدلے میں ہے، جس کے عوض مال رہن رکھا گیا۔

۵۔ حضرت عطاء سے روایت ہے: ''**ان رجلارهن فرسا فنفق فى يده فقال رسول** ﷺ**للمر تهن ذهب حقه**''(۲۳) ایک شخص نے مرتہن کے پاس گھوڑا رہن رکھا، جو اس کے قبضہ میں مر گیا، تو حضورﷺ نے مرتہن سے فرمایا کہ اس کا حق ختم ہو گیا۔

۶۔ حضرت معاویہ بن عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: ''**لايغلق الرهن وان رجلا رهن دارًا بالمدينة الى اجل فلما جاء الا جل قال الذى ارتهن هى لى فقال رسول الله** ﷺ **لايغلق الرهن**''(۲۴) رہن کو بند نہیں کیا جائے گا اور ایک شخص نے مدینہ منورہ میں مقررہ مدت کے لیے گھر رہن رکھا، جب مدت پوری ہوئی، تو مرتہن نے کہا کہ یہ گھر میرا ہے، تو رسول اللہﷺ نے فرمایا کہ رہن کو بند نہیں کیا جا ئے گا۔

## ج۔رہن اجماع امت کی روشنی میں:

سفر میں رہن کے جواز پر فقہاء امت کا اجماع ہے(۲۵) البتہ اس میں اختلاف رائے اس امر میں ہے کہ حضر یعنی اقامت میں رہن جائز ہے یا نہیں؟ ابن منذر کے بقول مجا ہد کے علاوہ اس میں کسی کا اختلاف نہیں(۲۶) **موسوعة الاجماع** میں ہے کہ ضحاک، مجاہد اور ظاہریہ نے آیت رہن سے استدلال کرتے ہوئے کہا کہ رہن رکھنا صرف سفر میں ہی جائز ہے(۲۷) جمہور فقہاء نے حضورﷺ کی احادیث سے استدلال کرتے ہوئے سفر اور حضر دونوں میں رہن کو جائز قرار دیا، ان کی رائے میں سفر کی قید اس لیے لگائی گئی کہ رہن کی زیادہ ضرورت سفر میں ہوتی ہے، کیوں کہ عموماً سفر کی حالت میں کاتب کا فقدان ہوتا تھا۔(۲۸)

## د۔ رہن قیاس کی روشنی میں:

کفالت بالاتفاق جائز ہے اور اس کی حقیقت یہ ہوئی کہ حق واجبی کفیل سے وصول کر لیا جائے تو کفالت کی وجہ سے وصول یابی کی جانب میں پختگی پیدا ہو جاتی ہے، اسی طرح رہن کی وجہ سے حق کو وصول کر لینے کی جانب پختہ ہو جاتی ہے تو رہن کوکفالت پر قیاس کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ جیسے کفالت جائز ہے، ایسے ہی رہن بھی جائز ہے۔(۲۹)

## نتائج بحث:

رہن سفر اور حضر دونوں میں جائز اور ادلہٗ اربعہ سے ثابت ہے، قرآن حکیم میں واضح طور پر سفر

میں رہن رکھنے کا حکم ملتا ہے، جبکہ اقامت کی حالت میں رہن کا ثبوت سنت نبوی ﷺ سے واضح ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے سفر اور حضر دونوں میں رہن رکھنے پر صحابہ اور ائمہ کا اجماع ہوا ہے، رہن کا حکم استحبابی ہے، وجوبی نہیں ہے، زمانہ قدیم کی طرح آج کل کاتب اور کتابت کا فقدان نہیں رہا۔ لہذا معاملہ رہن خواہ سفر میں کیا جائے یا اقامت میں اس کو لکھ لیا جائے اور اس پر گواہی قائم کر لی جائے تو زیادہ مفید ہے۔

## مالی نظام میں رہن کی حیثیت:

مالیاتی اداروں میں مختلف مقاصد کے تحت قرضے دیے جاتے ہیں، جن میں متعدد نوعیّتوں کی ضمانتیں درکار ہوتی ہیں، جن میں شخصی ضمانتیں، ذاتی ملکیتی جائیداد کی ضمانتیں، اشیاء رہن کی ضمانتیں وغیرہ شامل ہیں۔

عہد حاضر کے بینکوں، مالیاتی و تجارتی اداروں اور عوام الناس میں رہن کا چل چلاؤ بہت زیادہ ہے، بیوع میں بھی لوگ رہن سے کام لیتے ہیں اور گارنٹی دیتے ہیں۔

محمد حفیظ ارشد ملک☆ نے چند مقاصد کے تحت دیے جانے والے قرضوں کی نشاندہی درج ذیل چارٹ میں کی ہے، جن میں اسلامی مالیاتی نظام کے مطابق رہن کو بطور ضمانت (Guarantee) رکھا گیا ہے:

### مالی تعاون کے طریقہ کار کا چارٹ

| مقصد قرضہ | مالی تعاون کا طریقہ | مطلوبہ ضمانت |
|---|---|---|
| ا۔ ذاتی قرضہ | قرض حسنہ | ذاتی ملکیتی جائیداد (اس میں منقولہ (Movable) اور غیرمنقولہ (Immovable) جائیداد کو رہن رکھا جا سکتا ہے) |
| ۲۔ سرمایہ عاملہ، تجارت و صنعت | مرابحہ | اشیاء کا رہن |

☆ محمد حفیظ ارشد ملک کوٹ قاضی تحصیل تلہ گنگ سے تعلق رکھتے ہیں، ان کا خاندان علمی و روحانی اعتبار سے اپنے علاقے میں ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ایم اے اور ایم بی اے (امریکہ) کاسٹ اینڈ مینجمنٹ کے کورسز مکمل کیے۔ پندرہ سال تک اکاؤنٹنگ اور مالیات کے شعبہ میں بین الاقوامی پٹرولیم کمپنی میں کام کیا، متعدد ممالک کا سفر کیا۔ اسلام کے مالیاتی نظام پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ خیراتی امور کے ساتھ بھی منسلک ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳۔ اشیاء سرمایہ کے لیے | مرابحہ (حقوق ملکیت) | کاغذات ملکیت کا رہن |
| ۴۔ اشیاء و اجناس کی ترسیل کے لیے | مرابحہ واپس خریداری کا معاہدہ | کاغذات ملکیت کا رہن |
| ۵۔ زمین کی اصلاح و ترقی | ترقیاتی چارج | زمین کا رہن |
| ۶۔ اشیاء صرف کی خریداری | مرابحہ/بیع اقساط | ذاتی ضمانت (بذریعہ رہن ضمانت)(۳۰) |

ذیل میں موجود نظام بینکاری تجارتی اداروں میں پائی جانے والی چند اقسام اور بیوع کا مختصر تعارف پیش کیا جا رہا ہے جن میں رہن کو بطور سکیورٹی استعمال کیا گیا ہے:

## ۱۔ رہن السائل:

رہن کی یہ قسم، اسلامی ممالک کے قوانین میں پائی جاتی ہے اس کو "**الرهن السائل**" (Floating Mortgage)، " **الرهن الساذج**" (Simple Mortgage) اور "**الذ مة السائلة**" (Floating Charge) کا نام دیا جاتا ہے۔

مثلا مدیون اپنی گاڑی دائن کے پاس بطور رہن رکھوائے، لیکن گاڑی بدستور مدیون (راہن) کے قبضہ میں رہے اور وہ اس کو اپنی ضرورت کے مطابق استعمال بھی کرتا رہے، لیکن جب تک راہن مرتہن دائن کا قرض ادا نہیں کرے گا، اس وقت تک وہ اس گاڑی کو آگے فروخت نہیں کر سکتا اور اگر راہن مرتہن کا دین ادا کرنے سے قاصر ہو جائے، تو پھر مرتہن کو اس گاڑی کے بیچنے کا اختیار ہو گا، اس بیچنے کے حق کو "الذمة السائلة" (Floating Charge) کہا جاتا ہے۔(۳۱)

۱۸۸۲ء کے قانون انتقال جائیداد میں رہن کی اس قسم کو سادہ رہن کہا گیا ہے، اس کے مذکورہ قانون میں چند اور اقسام رہن کا ذکر ملتا ہے، تفصیلات کے لیے حاشیہ اور اس کے ذیل میں دیے گئے حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔(۳۲)

رہن سائل (Floating Mortgage) میں کلائنٹ مرہونہ چیز مثلا مشینری یا گاڑی وغیرہ کے صرف کاغذات بینک کے پاس رکھوا دیتا ہے، یہ شرعا جائز ہے اسے چارج (Charge) پیدا (Creat) کر لینا کہتے ہیں۔(۳۳)

ڈاکٹر حافظ عبدالرحیم☆ نے لکھا ہے کہ غیر منقولہ (Immovable) جائیداد میں کاغذات ملکیت کے قبضہ میں آجانے کو جائیداد کے قبضہ میں آجانے کے مترادف مانا جا سکتا ہے۔(۳۴)

شریعت نے قرض پر منافع کو ربا قرار دیا ہے اور ایسا رہن جس میں انتفاع کی شرط لگائی گئی ہو وہ اس حکم کے زمرے میں آتا ہے، اسی طرح رہن کے صحیح ہونے کے لیے قبضہ شرط ہے، جیسا کہ آیت رہن میں: "فرهٰن مقبوضة"(۳۵) کے الفاظ آئے ہیں اسی بنا پر فقہاء نے رہن میں قبضہ کی شرط لگائی ہے۔(۳۶)

## اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے:

اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے میں رہن بدون قبضہ جائز نہیں ہے۔(۳۷)

مفتی محمد تقی عثمانی صاحب رہن کی اس قسم پر اپنی کتاب فقہی مقالات میں تفصیلی بحث کی ہے۔(۳۸) آپ نے دلائل سے ثابت کیا کہ قبضہ ہونے کے بعد راہن شے مرہونہ کو مرتہن کی اجازت سے عاریتاً واپس لے سکتا ہے، اس سے رہن فاسد نہیں ہوتا اور مرتہن کو شے کے واپس لینے کا حق رہتا ہے...... مگر رہن کی اس قسم میں مرتہن کو سرے سے قبضہ ہی نہیں دیا گیا، کیا اس صورت میں اس پر عاریت کا حکم لگایا جا سکتا ہے؟ ...... فقہاء کی رائے کے بقول اس پر عاریت کا حکم نہیں لگایا جا سکتا، اس لیے کہ رہن کی صحت کے لیے قبضہ شرط ہے اور وہ یہاں نہیں پایا جاتا...... آپ نے عہد حاضر کے فقہاء کو چند امور پر غور و فکر کی دعوت دی ہے: جن کا خلاصہ یہ ہے:

۱۔ رہن السائل میں ملکیتی دستاویز پر قبضہ کیا جاتا ہے احتمال ہے کہ اس سے رہن تام ہو جائے اور پھر شے بطور عاریت راہن کے پاس رہے۔

۲۔ قبضہ کے شرط ہونے کی علت، مرہونہ کو بیچ کر دین وصول کرنا ہے اور رہن السائل میں ایگریمنٹ کے تحت مرتہن کو یہ سہولت میسر ہے، لہٰذا یہاں حسی قبضہ نہ ہونے کے باوجود قبضہ کا مقصد حاصل ہو رہا ہے۔

---

☆ ۱۹۶۴ء میں صوبہ پنجاب کے ضلع بہاولپور میں پیدا ہوئے۔ درسِ نظامی، الشہادۃ العالمیہ اور دیگر کورسز کے علاوہ ایم اے (سوڈان) ایم فل (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی) اور پی ایچ ڈی (تفسیر) IUB-PK سے کیا۔ متعدد مقالات اور مضامین اور کتب کے مصنف ہیں۔ تقریباً ایک درجن کتب طبع ہو چکی ہیں جبکہ چند مزید زیر طبع ہیں۔ العبادۃ فی الاسلام، ڈاکٹر یوسف قرضاوی اور القراء، الراشدۃ از مولانا ابوالحسن علی ندوی کا ترجمہ کیا ہے اور قومی اور بین الاقوامی یونیورسٹیز اور تحقیقی اداروں میں تحقیق و تدریس کا طویل تجربہ رکھتے ہیں۔

۳۔ مقصد رہن توثیق دین ہے اگر دائن خود شے کو راہن کے قبضہ میں رہنے دے اور اس سے صرف اپنے دین کی وصولی کا حق باقی رکھے تو اس میں بظاہر کوئی قباحت نظر نہیں آتی۔

۴۔ رہن السائل میں راہن اور مرتہن دونوں کا حق محفوظ ہے، راہن انتفاع سے محروم نہیں ہوتا اور مرتہن کا حق ایگریمنٹ کے تحت اس شے سے وابستہ اور محفوظ ہو جاتا ہے اور وہ دوسرے غرماء کے مقابلے میں اس کا زیادہ مستحق ہوتا ہے۔

۵۔ موجودہ عالمی تجارت میں بائع اور مشتری کے لیے بُعد فاصلہ کی وجہ سے مرہونہ پر قبضہ مشکل ہے، اس پر اخرجات زیادہ آتے ہیں، لہٰذا توثیق دین کے لیے رہن السائل کے علاوہ کوئی دوسری صورت نظر نہیں آتی۔

مفتی صاحب کا رجحان رہن السائل کے جواز کی طرف ہے، لیکن انہوں نے قطعی فیصلے کو علماء پر چھوڑا ہے۔(۳۹)

نتائج بحث اور ترجیحی رائے: مفتی صاحب کی رائے صائب معلوم ہوئی ہے، کیوں کہ کتاب و سنت میں قبضہ کی حقیقت اور اس کی کوئی خاص صورت مقرر نہیں کی گئی، گویا شریعت نے اس مسئلہ میں مسلمانوں کے عرف کو اصل قرار دیا ہے، لہٰذا ہر عہد کے مروجہ طریقوں اور اشیاء کی مختلف انواع کے اعتبار سے قبضہ کی نوعیت متعین ہو گی۔(۴۰)

جدید معاملات کے شرعی احکام میں ہے کہ جس طرح مشتری (Customer) اپنی مملوکہ اشیاء رہن رکھوا سکتا ہے، اسی طرح ان اشیاء کی دستاویز اور کاغذات کا رہن رکھوانا جائز ہے۔(۴۱)

اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے میں رہن کی ایسی تمام اقسام ناجائز ہیں جن میں محض رہن کی دستاویز مرتہن کے حوالے کر دی جاتی ہے اور مرتہن کو رہن پر قبضہ نہیں دیا جاتا کیوں کہ رہن بدون قبضہ جائز نہیں ہے(۴۲)

ڈاکٹر اعجاز احمد صمدانی☆ کی رائے میں شے مرہون کے کاغذات مرتہن کے پاس رکھوا دیے جائیں تو یہ حکمی قبضہ کی ایک صورت ہو گی، چنانچہ رہن سائل ( Mortgage Floating) میں

---

☆ موصوف نے دورہ حدیث تخصص فی الافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی سے کیا اور پھر جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ رہے۔ عہدِ حاضر کے مالیاتی نظام پر متعدد تالیف ہیں۔ چند کتب یہ ہیں: تجارتی کمپنیوں کا لائحہ عمل، تکافل انشورنس کا اسلامی طریقہ، اسلامی بینکوں میں رائج اجارہ، اسلامی بینکاری اور غرر اور اسلامی بینکاری ایک حقیقت پسندانہ جائزہ۔

کلائنٹ مرہونہ چیز مثلا مشینری یا گاڑی وغیرہ کے صرف کاغذات بینک کے پاس رکھوا دیتا ہے، یہ شرعاً جائز ہے اسے چارج (Charge) پیدا (Creat) کر لینا کہتے ہیں۔(۴۳)

کاغذی دستاویز پر مال کی تعریف صادق نہیں آتی نہ اس کو مال سمجھا جاتا ہے بلکہ یہ مال کی محض سند ہے اس کے ذریعے سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ فلاں کے پاس اتنی مالیت ہے بذات خود دستاویز کوئی مال نہیں ہے۔(۴۴)

مرتہن کو مروجہ وثائق کے ذریعے توثیق دلوائی جا سکتی ہے اور دستاویز کے ذریعے شے کو قرض کے لیے مختص کیا جا سکتا ہے تاکہ اس کا حق ہر اعتبار سے محفوظ رہے۔ قرض کے لیے شریعت نے دستاویز لکھنے کا حکم دیا ہے، جہاں دستاویز لکھنے کا بندوبست نہ ہو وہاں دستاویز کے متبادل کے طور رہن رکھنے کا حکم ہوا ہے، اس عہد میں سامان کتابت ہر جگہ موجود ہے، لہٰذا دستاویز لکھ کر دستاویز پر معاہدہ کیا جائے اور قرض کی ادائیگی کو قرض لینے والے کی کسی شے کے ساتھ بطور شرط خاص کر دیا جائے، کیوں کہ اس شرط سے قرض لینے والے کو کوئی نقصان نہیں اور قرض دینے والے کا حق بھی محفوظ ہو جائے گا۔

عہد حاضر میں دستاویز، سندات اور دیگر وثائق کو جو قانونی حیثیت حاصل ہے وہ مسلمہ ہے، کرنسی وغیرہ جو سند کا درجہ رکھتی ہیں اس کے پس پردہ قانون کی عملداری کار فرما ہے۔ اسی بنا پر لوگ اس کا لین دین کرتے ہیں، یہی حال دیگر قانونی سندات کا ہے جن میں عدالتی و حکومتی توثیق ہوتی ہے، زمانہ قدیم میں سفر کے دوران مالی ضرورت پیش آتی جس کا حل رہن کے ذریعے دیا گیا اور اس کو قبضہ میں دینے کا مقصد توثیق دلانا تھا یہ توثیق ایسی دستاویز، سندات اور دیگر وثائق سے حاصل ہو سکتی ہے جن کے پیچھے عدالتی و حکومتی یقین دہانی موجود ہو۔

### ۲۔ رہن بیع بالوفاء (Mortgage by Conditional Sale):

رہن بیع بالوفاء میں ابتداء رہن معاہدہ ہوتا ہے مگر رہن کی یہ قسم حقیقت میں بیع ہے، اس میں قرض کی ادائیگی کی مدت طے کی جاتی ہے اور اگر مدت مقررہ تک قرض ادا نہ ہو سکے تو معاہدہ رہن، بیع کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔(۴۵)

لوگ قرض کی ضرورت پوری کرنے کے لیے اپنا مکان یا دکان یا زمین اس شرط پر فروخت کرتے ہیں کہ مکان وغیرہ کی قیمت چھ ماہ یا سال کے بعد مشتری (Customer) کو واپس کر کے اپنا مکان واپس لے لیں گے، پھر وہ مکان بدستور مقروض بائع (Seller) کی ملک میں آ جائے گا

فقہاء (احناف) اس کو بیع الوفاء(۴۶) اہل بخارا و اہل مصر بیع الامانت، شافعیہ اس کو رھن المعاد اور اہل شام اس کو بیع الاطاعۃ کہتے ہیں۔(۴۷)

المجلہ میں ہے: ”بیع الوفاء هو البيع بشرط ان المشترى متى رد الثمن يرد البائع اليه المبيع“(۴۸) بیع الوفاء وہ ایسی بیع ہے جو اس شرط سے ہو کہ مشتری (Customer) جب ثمن (Price) کو لوٹائے، تو بائع (Seller) اس کو مبیع (Sold) لوٹا دے گا۔

بیع الوفاء بیع کے بیع یا رہن ہونے کے متعلق فقہاء میں اختلاف رائے ہے، ذیل میں ان دو پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا:

## الف۔ بیع الوفاء کا رہن ہونا:

اکثر فقہاء بیع الوفاء رہن کے رہن ہونے پر متفق ہیں(۴۹) رہن کے حکم میں اور بمنزلہ رہن کہاہے۔(۵۰) بظاہر مشتری مگر مرتہن کے لیے بالکل جائز نہیں ہے کہ وہ اس خریدی ہوئی مرہونہ شے سے نفع حاصل کرے۔(۵۱)

رد المختار میں رہن بیع الوفا کو چال کہا گیا ہے...... درحقیقت رہن ہے۔ اس میں (خریدار) مرتہن کسی شے کا مالک نہیں ہوتا اورنہ ہی مالک کی اجازت کے بغیر وہ اس سے کسی قسم کا نفع حاصل کر سکتا ہے اور بلا اجازت جو وہ پھل وغیرہ کھائے گا یا تلف کرے گا اس کا ضامن ہے۔(۵۲) بیع الوفاء کے تمام احکام رہن کی طرح ہیں، اس بیع کی اسم قسم کے احکام میں اور رہن کے احکام میں فرق نہیں ہے(۵۳) بلااجازت نفع اٹھانا ربا ہے۔

## ب۔ بیع الوفاء کا بیع ہونا:

بعض فقہاء کی رائے میں اس کا بیع ہونا صحیح ہے، کیوں کہ ان معاہدہ کرنے والوں نے بیع کا لفظ استعمال کیا ہے اور لفظ کے بغیر صرف نیت کا اعتبار نہیں ہوتا...... پس اگر لفظ بیع کا بولا رہن کا نہ بولا تو جو لفظ بولا وہ ثابت ہو گا(ملخصا)۔(۵۴)

## بیع الوفاء کا فاسد ہونا:

بعض فقہاء کی رائے ہے کہ یہ بیع فاسد ہے کیوں کہ بائع (Seller) اور مشتری (Customer) کے مابین جو عقد ہوا ہے، وہ لفظ بیع سے ہوا ہے، اس لیے یہ رہن نہ ہوا اور عقد میں عاقدین نے بیع میں فسخ (Cancelation) کی شرط کو بیان کیا۔ اس لیے یہ بیع فاسد ہو

گی(۵۵) یہ بیع اس وقت فاسد ہو گی جب اس کے اندر شرط ہو اور وہ دونوں اس کو عقد لازم سمجھ رہے ہوں اگر بیع کے اندر شرط نہ ہو بلکہ بیع کے بعد واپسی کی شرط لگائی گئی ہو، تو بیع صحیح ہے۔ البتہ وعدہ کا ایفاء لازم ہے(۵۶)۔ رد المحتار میں ہے کہ عقد ہونے کے بعد، فاسد شرط کا بیان کرنا، عقد کو فاسد نہیں کرتا۔(۵۷)

رد المحتار میں ہے: "**لو ذکرا البیع بلا شرط ثم ذکرا الشرط علی وجه العدة جاز البیع ولزم الوفاء بالوعد**"(۵۸) اگر بیع کو بلا شرط بیان کیا پھر انہوں نے وعدہ کے طور پر شرط کو بیان کیا تو بیع جائز ہے اور وعدہ کو پورا کرنا ضروری ہے۔

الدر المختار میں ہے: "**قیل بیع یفید الانتفاع به...... وعلیه الفتوی وقیل ان بلفظ البیع لم یکن رهنا ثم ان ذکر الفسخ فیه او قبله او زعماه غیر لازم کان بیعا فاسدا ولو بعده علی وجه المیعاد جاز ولزم الوفاء به ، لان المواعید قد تکون لازمة لحاجة الناس**"(۵۹) ایک قول ہے کہ بیع الوفاء انتفاع کا فائدہ دیتی ہے ...... اس کے بیع ہونے پر فتویٰ ہے۔ بعض نے کہا کہ بیع الوفاء، لفظ بیع کے ساتھ ہے۔ اس لیے یہ رہن نہیں ہے ( کیوں کہ بیع اور رہن مستقل عقد ہیں اور ان کے اپنے اپنے احکام ہیں) پھرجب بیع الوفا کے اندر یا قبل اس کے فسخ (Cancelation) کا ذکر کیا، یعنی اس سے مشروط کیا، یا دونوں نے اس کو بیع غیرلازم خیال کیا تو بیع فاسد ہوگی۔ اگر مذکورہ طریقے سے، بیع الوفاء کے بعد فسخ کو ذکر کیا تو بیع جائز ہے اور اس سے وعدے کا پورا کرنا لازم آئے گا، اس لیے کہ وعدوں کا پورا کرنا، لوگوں کی حاجت کی وجہ سے لازم ہوتا ہے۔

اگر واقع میں قطعی بیع کی ہو اور اس میں (انتفاع) کی شرط ملحوظ نہ ہو ، تو یہ بیع سے جدا ایک وعدہ ہوا۔ اس اعتبار سے بیع صحیح ہوئی اور اس سے انتفاع مشتری (Customer) کے لیے جائزہے، ورنہ تحقیق یہ ہے، کہ وہ بیع نہیں بلکہ رہن ہے اور اس سے مشتری (Customer) کا انتفاع حرام ہے۔ مثلاً کسی شخص نے ۱۰۰ روپے کے عوض کوئی شے فروخت کی اور باقاعدہ لکھ کر اور بیعنامہ سے پہلے یا بعد میں بائع (Seller) نے مشتری (Customer) سے یہ وعدہ لے لیا کہ جب میں تجھے تیرا ثمن (Price) پورا پورا ادا کر دوں، تو تو مجھے میری بیع واپس کر دینا اور تا واپسی تو مبیع (Sold) سے فائدہ اٹھا لے تو یہ بیع قطعی اور صحیح ہے۔ البتہ اگر یہ معاہدہ عقد سے پہلے ہوا تو عقد کرتے وقت یہ کہہ لیں کہ ہم اس معاہدہ (انتفاع)سے باز آئے، اب قطعی بیع کرتے ہیں اور اگر عقد کے بعد معاہدہ ہوا تو بصورت شرط نہ ہو بلکہ صرف ایک وعدہ کے طور پر ہو، تو جائز ہے(ملخصاً)(۶۰) بیع اور

شرط دونوں صحیح ہیں، اس کی دلیل حضور ﷺ کا یہ فرمان مبارک ہے: "**المسلمون عند شروطهم**"(۲۱) مسلمان اپنی شرطوں پر ہوتے ہیں۔

المجلہ میں ہے: "**وهو فی حکم البیع الجائز بالنظر الی انتفاع المشتری به**"(۲۲) باوجود اس کے کہ مشتری (Customer) اس سے انتفاع کرتا ہے، بیع الوفاء جائز بیع کے حکم میں ہے۔

فقہاء نے اکراہ میں اس کی اجازت دی ہے اور اسی پر فتوی ہے(۶۳) اس کو جائز بیع کہنے کی بنیاد شاید یہ ہے کہ یہ بیع ربا سے چھٹکارا پانے کی ضرورت کے لیے ہے۔(۶۴)

مجلّہ کی دفعہ ۳۲ میں ہے کہ حاجت عامہ یا حاجت خاصہ ضرورت کا درجہ پا جائے گی۔ اکثر احکام شرعیہ جو خلاف قیاس ہوئے ہیں، ان کی بنیاد اسی حاجت پر ہے، جیسے کہ بیع الوفاء، اس بیع میں ایک فریق کے نفع کی شرط لگائی جاتی ہے۔ اس لیے قیاس یہ چاہتا ہے کہ یہ اس شرط کے موجود ہوتے ہوئے ،بیع جائز نہ ہو۔ لیکن اہل بخارا پر کثرت دیون کی حاجت کے پیش نظر اسی طرح اہل مصر (کی حاجت بھی اس کے جواز کی متقاضی تھی) یہ حضرات اس کو بیع الامانت، شافعیہ اس کو رھن المعاد جبکہ اہل شام اس کو بیع الاطاعۃ کا نام دیتے ہیں۔(۶۵) رہن معاد کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جب مرتہن کا قرض ادا ہو جائے تو یہ لوٹ کر راہن کی طرف جاتی ہے۔ بیع الامانۃ کی وجہ یہ ہے کہ اس کا صادر ہونا امانت پر مبنی ہے کہ صاحب درہم نے بائع کو امین جانتے ہوئے درہم دیے اور بائع نے صاحب درہم کو امین سمجھ کر مبیع دی کہ جب وہ اس کو درہم دے گا تو وہ مبیع کو لوٹا دے گا۔ بیع الاطاعۃ کہنے کی وجہ ہے کہ اس میں ایک دوسرے کی اطاعت ہے جس کی وجہ سے منعقد ہوتی ہے۔(۶۶)

حاصل یہ ہے کہ رہن بلا قبضہ جائز نہیں ہے اور یہ کہ مرتہن جائیداد مرہونہ سے انتفاع کا مستحق نہیں ہے اور اگر عقد میں انتفاع کی شرط نہ ہو، نہ ہی عرفاً مشروط ہو اور راہن حسن سلوک کے طور پر انتفاع کی اجازت دے تو جائز ہے۔ تاہم نظریاتی کونسل کی رائے ہے کہ راہن کی اجازت کے باوجود حاصل کیے گئے نفع کو اصل رہن سے محسوب (Calculate) کیا جائے گا۔(۶۷)

## ۳۔ مرابحہ:

مرابحہ بیع (Sale) کی ایک قسم ہے جس میں فروخت کنندہ (Seller) اپنی چیز دوسرے کو بیچتے وقت یہ بتاتا ہے کہ یہ چیز اسے کتنے میں پڑی ہے اور وہ اس پر کتنا نفع (Profit) لے رہا ہے...... مرابحہ ایک خرید و فروخت کا عقد ہے...... عصر حاضر میں اس کو اسلامی بینکاری میں چند شرائط کے ساتھ

بطور طریقہ تمویل ( Mode of Finance) استعمال کیا جاتا ہے۔(۶۸)

بینک کی طرف سے جاری کردہ مخصوص فارم (Quotation) میں بینک کے ذریعے فروخت کی جانے والی اشیاء کی نوعیت ان کی کیفیت (Quality) اور دوسری ضروری صفات واضح طور پر ذکر کی گئی ہوں تاکہ جہالت اور ابہام کی وجہ سے معاملہ کے ہر دو فریق کے درمیان کسی نزاع کا امکان باقی نہ رہے نیز اس کی قیمت خرید یا لاگت پر بینک کو ملنے والے نفع (قیمت) اس کی ادائیگی کی مدت اور اقساط کی صراحت کر دی گئی ہو۔ یہ بات درست نہیں کہ معاملہ کرتے وقت یہ کہا جائے کہ اگر نقد خریدا جائے تو یہ قیمت ہو گی اور ادھار خریدا جائے تو دوسری قیمت یا ادھار کی مدت کے کم یا زیادہ ہونے پر قیمت کی کمی اور زیادتی کا ذکر معاملہ کرتے وقت کیا جائے، بلکہ بینک خریدار کو مطلوبہ سامان کا نمونہ دکھا کر وضاحت کرے کہ اس کی قیمت اتنی مدت میں اتنی قسطوں میں ادا کرنی ہو گی اور بینک کو اس کی لاگت پر اتنا منافع دینا ہو گا (اور یہی بینک سے خریداری کی قیمت ہو گی)۔(۶۹)

مرابحہ کی عملی صورت یہ ہے کہ جب کسی شخص کو سامان خریدنے کے لیے رقم کی ضرورت ہو اور اسلامی بینک اس کو بازار سے وہ شے خرید کر دے یا اسے مطلوبہ شے خریدنے کے لیے اپنا وکیل بنائے اور یہ شخص مطلوبہ شے خرید کر اس پر قبضہ کر لے گا تو بینک مرابحہ کے طریقہ پر اسے وہ چیز بیچ دے گا کہ یہ شے اتنے میں پڑی ہے اور اس پر اتنا نفع رکھ کر میں آپ کو بیچ رہا ہوں کلائنٹ اس کی قیمت یکمشت یا قسطوں میں دے گا۔(۷۰)

## مرابحہ میں رہن کی گارنٹی:

مرابحہ میں مطلوبہ سامان کلائنٹ کی ملکیت میں چلا جاتا ہے اور اس سامان کی قیمت کلائنٹ کے ذمہ قرض ہو جاتی ہے، جس سے عدم ادائیگی کا رسک پیدا ہو جاتا ہے۔(۷۱) جس کا حل بینکوں میں یہ نکالا گیا ہے کہ کلائنٹ سے سامان کی قیمت (جو کہ اس پر قرض ہے) کے عوض کوئی شے بطور رہن لے لی جاتی ہے جس طرح ادھار پر گارنٹی لینا جائز ہے اسی طرح بیع مرابحہ میں گارنٹی (Guarantee) لینا بھی جائز ہے۔(۷۲) یہ سکیورٹی رہن، جائیداد پر حق احتباس کی صورت میں ہو سکتی ہے مگر بائع اس وقت سکیورٹی مانگ سکتا ہے جبکہ معاہدہ کی وجہ سے کوئی قرض یا ذمہ داری وجود میں آ چکی ہو۔ اگر عملاً وہ بیع کے مکمل ہونے سے قبل سکیورٹی پر قبضہ کر لیتا ہے تو یہ شے اس کے ضمان (risk) پر ہو گی اور تمویل کا کلائنٹ کو رہن رکھے اثاثے کی بازاری قیمت ادا کرے گا۔(۷۳) بنا بریں مرابحہ میں رہن کے ذریعے گارنٹی یا سکیورٹی مہیا کی جا سکتی ہے۔ گارنٹی کے اس سامان (رہن)

پر قبضہ کی دو صورتیں ہیں:

### ا۔ رہن بالقبض (Pledge with Possession):

رہن بالقبض میں عملاً کوئی شے بینک کے قبضہ میں دی جاتی ہے اور بینک اس کو اپنی حفاظت کی جگہ میں رکھ لیتا ہے اور جب کلائنٹ قرض کی ادائیگی کر لیتا ہے تو یہ سامان اس کو یکمشت واپس کر دیا جاتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ کلائنٹ جتنی رقم ادا کرتا جائے اتنا مال چھڑاتا جائے۔(۷۴)

### ۲۔ رہن حکمی (Registered Pledge):

رہن حکمی سے مراد یہ ہے کہ کلائنٹ جو شے رہن رکھوا رہا ہے وہ تو اسی کے پاس رہے۔ البتہ اس کے کاغذات بینک کے حوالے کر دیے جائیں۔ جس کی وجہ سے کلائنٹ بینک کو ادائیگی کیے بغیر اپنا سامان واپس نہیں لے سکتا یا بیچ سکتا۔ رہن حکمی میں چیز کی ملکیت منتقل نہیں ہوتی، بلکہ بدستور کلائنٹ ہی شے مرہون کا مالک رہتا ہے اور اگر رہن بالقبض ہو تو اس کی حفاظت کرنا بینک کے ذمہ ہے لیکن بینک حفاظت کے اخراجات جیسے گودام کا کرایہ محافظ کی تنخواہ وغیرہ کلائنٹ سے نہیں لے سکتا۔ البتہ مرابحہ کے وقت ان اخراجات کا عمومی اندازہ لگا کر نفع کی شرح میں اضافہ کرنے کی گنجائش ہے۔(۷۵)

مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کی رائے میں غیر منقولہ اشیاء کا قبضہ عرف پر مبنی ہوتا ہے عرف میں جس عمل کو قبضہ تصور کیا جائے اس سے قبضہ متحقق ہو جاتا ہے۔(۷۶)۔

اس عہد میں بینکوں کا رہن السائل کے حوالے سے عرف یہ ہے کہ وہ دستاویز پر قبضہ کو رہن پر قبضہ تصور کرتے ہیں۔

فقہاء احناف کی رائے میں رہن کا دائمی طور پر قبضہ میں رہنا ضروری ہے اس کے باجود احناف رہن کو عاریتا دینے کے قائل ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ قبضہ کے دائمی طور پر میں رہنے سے ان کی یہ مراد نہیں ہے کہ شے مرہونہ حسی طور پر بالفعل مرتہن کے قبضہ میں رہے، بلکہ ان کی رائے دائمی قبضہ کا مطلب ہے کہ مرتہن کو شے مرہونہ پر قبضہ کا دائمی حق ہے اور وہ جب چاہے شے مرہونہ پر قبضہ کر کے اپنا حق واپس لے سکتا ہے اس حوالے سے امام سرخسی نے المبسوط میں لکھا ہے: ”**ولسنا نعين وجود يد المرتهن حينا وانما نعنى استحقاق دوام اليد وبالاعادة من الراهن أو الغصب لاينعدم الاستحقاق**“(۷۷) رہن بالقبض ہو یا رہن حکمی ہو، رہن کا مالک راہن ہی رہتا ہے۔ لہٰذا اگر شے

مرہون کے کاغذات مرتہن کے پاس رکھوا دیے جائیں، تو یہ حکمی قبضہ کی ایک صورت ہو گی، جس طرح کہ رہن سائل میں کلائنٹ مرہونہ چیز مثلاً مشینری یا گاڑی وغیرہ کے صرف کاغذات بینک کے پاس رکھوا دیتا ہے، یہ شرعاً جائز ہے اسے چارج یا پیدا کر لینا کہتے ہیں۔(۷۸)

دستاویز کی اہمیت مسلمہ ہے مگر جس جگہ کاتب اور سامان کتابت وغیرہ دستیاب نہ ہو وہاں پر رہن کو قبضہ میں دینے کا حکم ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''وَأِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍوَّلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًافَرِهٰنٌ مَقْبُوضَةٌ'' اور اگر تم سفر میں ہو اور تمہیں دستاویز لکھنے والا نہ ملے، تو قبضہ دی ہوئی رہن (کی بنا پر معاملہ کرو) آیت کا مستفاد یہ ہے کہ کتابت اور رہن دونوں توثیق کے لیے ہیں اور اوّلیت کتابت کو اور ثانویت رہن کو حاصل ہے اور رہن کو دستاویز کے متبادل کے طور پر رکھا گیا ہے۔ کیوں کہ کتابت میں جو آسانی اور سہولت مقرض (قرض دینے والا) اور مقترض (قرض لینے والا) کو حاصل ہے وہ رہن میں نہیں ہے۔ اب اگر وہ کتابت کے ذریعے معاہدہ دین [Debt] پر راضی ہوں تو درست ہے۔ یقیناً دستاویز میں دین کی ادائیگی سے متعلقہ امور درج کیے جاتے ہیں اور اگر مقترض (قرض لینے والا) دین [Debt] کی ادائیگی کو اپنی کسی قیمتی شے کے ساتھ خاص کر سکتا ہے۔ اس صورت میں دین اس شے میں سے ادا کیا جائے گا۔

۴۔ مضاربہ:

مضاربہ شرکت کی ایک خاص قسم ہے جس میں ایک شریک دوسرے کو کاروبار میں لگانے کے لیے رقم فراہم کرتا ہے۔ اس کو رب المال کہتے ہیں جبکہ کاروبار کا انتظام و انصرام اور عمل کی ذمہ داری دوسرے فریق پر ہوتی ہے اس کو مضارب کہتے ہیں۔(۷۹) مضاربہ میں تمام اشیاء رب المال کی ہوتی ہیں اور مضارب اسی صورت میں منافع میں حصہ کا حقدار ہوتا ہے جبکہ وہ انہیں نفع پر بیچ دے۔ لہٰذا وہ خود اثاثہ جات میں اپنے حصے کا دعویٰ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔ اگرچہ ان کی قیمت بڑھ گئی ہو۔(۸۰)

## مضاربہ میں سکیورٹی یا ضمانت:

مال میں زیادتی یا اس کے استعمال میں کوتاہی پر مضارب سے ضمانت کے طور پر ضامن کا طلب کرنا جائز ہے۔(۸۱) مال کے ضیاع پر مضارب سے مال مضاربہ کی سکیورٹی لینا جائز نہیں کیوں کہ مال کی ذمہ داری عائد کرنے کی شرط عقد کی نفی کرتی ہے۔(۸۲)

## ۵۔ بیع سلم:

بیع سلم ایک ایسی بیع ہے جس کے ذریعے بائع یہ ذمہ داری قبول کرتا ہے کہ وہ مستقبل کی کسی تاریخ میں متعین چیز خریدار کو فراہم کرے گا اور اس کے بدلے میں مکمل قیمت بیع کے وقت ہی پیشگی لے لیتا ہے۔(۸۳) بیع سلم کی حضورﷺ نے چند شرائط کے ساتھ اجازت دی ہے جس کا مقصد کاشتکاروں کی ضرورت کو پورا کرنا تھا جن کو فصل کی کٹائی تک بیوی بچوں کے اخراجات کی ضرورت تھی اور حرمت ربا کے بعد ان کو زرعی پیداوار پیشگی بیچنے کی اجازت دی گئی۔(۸۴)

بیع سلم میں معاہدہ کے وقت فریقین کے لیے ضروری ہے کہ وہ قیمت کا تعین کریں...... اگر معاہدہ کے دن والی کسی خاص قیمت یا کسی بازار کی قیمت کے مطابق طے ہو جائے تو یہ بھی جائز ہے...... لیکن کسی بازار کی مستقبل کی قیمت کے مطابق قیمت کا تعین جائز نہیں ہے۔(۸۵)

بیع سلم چھوٹے تاجروں اور کاشتکاروں کے لیے ایک طریقہ تمویل ہے جو کہ جدید مالیاتی اداروں اور بینکوں میں استعمال ہو رہا ہے ان دونون قیمتوں کے درمیان جو فرق ہے وہ ان اداروں کا نفع ہے۔(۸۶)

### بیع سلم میں رہن سے گارنٹی:

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ بائع مطلوبہ شے وقت پر مہیا کر دے گا اس سے سکیورٹی کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے جو ضمانت یا رہن وغیرہ کی صورت میں ہو سکتا ہے، نادہندگی کی صورت میں خریدار / تمویل کار مرہون کو بیع کر کے قیمت سے مطلوبہ شے بازار سے خرید سکتا ہے یا پیشگی دی ہوئی قیمت وصول کرسکتا ہے۔(۸۷) فروخت کنندہ سے مخصوص کوالٹی اور معین مقدار سپلائی کے لیے ضمانت، زمین یا بیان حلفی وغیرہ حاصل کرے، خریدار سپلائی یا قبضہ سے پہلے اس کو نہ فروخت کر سکتا ہے نہ ہی اس کو استعمال کر سکتا ہے۔(۸۸)

## ۶۔ قسطوں پر خرید و فروخت:

عہد حاضر کی تجارتی و کاروباری دنیا میں قسطوں پر خرید و فروخت کا کاروبار عروج پر ہے جس کا بنیادی سبب لوگوں کی ضروریات کا بڑھنا اور قوت خرید کا کم ہونا ہے، سینکڑوں نجی و سرکاری ادارے اور کمپنیاں معرض وجود میں آ گئی ہیں جو مکانات، مشینری اور کاروبار زندگی کی دیگر اشیاء اور ان کی سروسز وغیرہ قسطوں پر مہیا کرتی ہیں، بیع کی اس قسم میں گارنٹی کی ضرورت پیش آتی ہے جس کا حل مبیع کو

رہن کے طور پر رکھ کر نکالا گیا ہے۔

قسطوں پر بیع یہ ہے کہ بائع اپنا سامان خریدار کو بیع کے وقت دے دے، لیکن خریدار اس شے کی قیمت اسی وقت ادا نہ کرے بلکہ طے شدہ اقساط میں ادا کرے، اس کو بیع بالتقسیط کہتے ہیں۔(۸۹) یہ نقد بیع کے مقابلے میں ادھار پر بیع ہے، عموماً اس بیع میں چیز کی قیمت عام بازاری قیمت سے زیادہ مقرر کی جاتی ہے اور عاقدین کا بوقت عقد کسی ایک قیمت پر متفق ہونا ضروری ہے، اور عقد کے وقت مقرر کردہ قیمت سے زائد وصول کرنا بائع کے لیے جائز نہیں۔(۹۰) اس کے جواز یا عدم جواز میں فقہاء کی دو آراء ہیں:

متأخرین فقہاء کی رائے میں یہ "**بیعان فی بیعه**" ہے۔(۹۱) جس سے منع کیا گیا۔(۹۲) مثال کے طور پر کوئی شخص کہے کہ میں تمہیں یہ چیز حال میں ایک سو روپے کی اور مستقبل میں (مؤجل کے طور پر) ایک سو پچاس میں فروخت کرتا ہوں اور خریدنے والے کے تعین کے بغیر (کہ کون سی صورت قبول کرے گا) وہ دونوں علیحدہ ہو جائیں تو یہ جائز نہیں ہے۔(۹۳)

متأخرین فقہاء کے بقول ثمن کی یہ زیادتی مدت کے عوض ہے اور جو ثمن مدت کے عوض میں دیا جائے وہ سود یا کم از کم مشابہ ضرور ہوتا ہے۔(۹۴)

جمہور فقہاء متقدمین کے نزدیک ادھار بیع میں نقد کے مقابلے میں قیمت زیادہ مقرر کرنا جائز ہے بشرطیکہ عاقدین عقد کے وقت ہی بیع مؤجل ہونے یا نہ ہونے کے متعلق قطعی فیصلہ کر لیں اور کسی ایک ثمن پر متفق ہو جائیں اگر وہ کسی بھاؤ پر اتفاق کیے بغیر جدا ہو گئے تو بیع ناجائز ہوگی۔(۹۵)

امام ترمذی نے بیع کے ناجائز ہونے کی علت یہ بیان کی ہے کہ عقد کے وقت کسی ایک صورت کو معین نہ کرنے سے ثمن دو حالتوں کے درمیان ہو کر رہ جائے گا اور ثمن کا دو حالتوں میں رہنا جہالت ثمن کو لازم بنانے والا ہے، جس کی بنا پر بیع ناجائز ہے۔(۹۶) یہی جمہور کا مسلک ہے۔(۹۷)

حاصل یہ ہے کہ فقہاء کرام نے چند شرائط کے ساتھ قسطوں پر خرید و فروخت کو جائز قرار دیا ہے (تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو)۔(۹۸)

## قسطوں پر خرید و فروخت میں مبیع مرہونہ کے ذریعے سکیورٹی:

دیگر کاروباروں کی طرح قسطوں پر خرید و فروخت میں ضمانت (**Guarantee**) کی ضرورت پیش آتی ہے، اس لیے وہ اپنے گاہکوں سے ضمانت یا سند ضمانت مانگتے ہیں، قسطوں پر خرید و فروخت

بیع مؤجل ہے، اس میں مبیع کو محبوس کرنے کی دو صورتیں بیان کی ہیں:

### ۱۔ مبیع کا حبس بطور وصولیابی ثمن:

بیع مؤجل میں ثمن کے حاصل کرنے کے لیے مبیع کو روکنا درست نہیں ہے، فتاویٰ عالمگیری میں مؤجل بیع کے حوالے سے منقول ہے:

**"وان کان مؤجلا فلیس للبائع ان یحبس المبیع قبل حلول الاجل ولا بعده"**(۹۹)
اگر بیع مؤجل ہو تو بائع کے لیے جائز نہیں کہ وہ مبیع کو روکے، بائع قرض کی مدت آنے سے پہلے اور نہ ہی بعد میں مبیع کو روک سکتا ہے۔

بیع مؤجل میں بیع جب مکمل ہو جائے اور مشتری مبیع پر قبضہ کر لے تو ثمن مشتری کے ذمہ دین [Debt] ہو جائے گا، لہٰذا بائع دین [Debt] کی وصولیابی کے لیے، مشتری سے کسی توثیق کا مطالبہ کر سکتا ہے، بیع مؤجل میں، قبضہ سے پہلے، مبیع کو بائع کے پاس چھوڑنا درست نہیں، کیوں کہ اس صورت میں بائع، ثمن کو حاصل کرنے کے لیے مبیع کو روکنے والا ہوا اور حصول ثمن کے لیے مبیع کو روکنا جائز نہیں ہے۔(۱۰۰)

### ۲۔ مبیع کا حبس بطور رہن:

درمختار میں ہے کہ مبیع مشتری کے قبضہ کے بعد ہی ثمن کے مقابلے میں رہن بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔(۱۰۱) اس لیے کہ مشتری کی ملکیت متعین ہوچکی ہے، اگرمشتری قبضہ سے پہلے مبیع کو رہن رکھتا، تومبیع ثمن کے مقابلے میں محبوس ہونے کی وجہ سے رہن نہیں بنے گی۔(۱۰۲) مشتری، خریدی ہوئی شے کو اپنے قبضہ میں لینے کے بعد اسی شے کو رہن کے طور پر بائع کے پاس رکھے تو اکثر فقہاء کی رائے میں یہ صورت جائز ہے۔(۱۰۳)

الجامع الصغیر میں ہے: **"رجل اشتری شیئا بدرھم ، فقال للبائعَ: امسِک ھٰذا الثوبَ حتٰی اعطیک الثمن، فالثوب رھن"**(۱۰۴) ایک شخص نے کوئی چیز درہم کے بدلے میں خریدی پھروہ بیچنے والے سے یہ کہے: اس کپڑے کو اپنے پاس اس وقت تک رکھ جب تک کہ میں تجھے اس کی قیمت ادا کر نہ دوں، اس صورت میں وہ کپڑا رہن ہے۔

احناف کی رائے میں اگرمشتری قبضہ میں لیے بغیر شے کوبائع کے پاس رہن رکھے تو ہلاکت کی صورت میں بیع فسخ ہو جائے گی......ثمن کے مقابلے میں محبوس اور رہن کے مقابلے میں محبوس کے

ضمان میں فرق ہے اور ایک ہی شے دو مختلف ضمانوں کے ساتھ مضمون نہیں ہو سکتی۔ اس لیے کہ دو مختلف اشیاء کا ایک شے میں جمع ہونا محال ہے، قبضہ کے بعد مبیع میں مشتری کی ملکیت متعین ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس کے بعد اگر مبیع ہلاک ہو جائے تو وہ مشتری کے ضمان سے ہلاک ہو گی اور اس ہلاکت کی وجہ سے بیع فسخ نہیں ہو گی۔(۱۰۵) جب ثمن کے وصول کرنے کے لیے مبیع کو محبوس کیا جائے تو اس وقت مبیع ثمن کے ساتھ مضمون ہوگی قیمت کے ساتھ مضمون نہیں ہوگی۔ لہٰذا اگر حالت حبس میں ہلاک ہو گئی تو اس صورت میں بیع فسخ ہو گی اور بازاری قیمت کا ضمان اس پر نہیں آئے گا اور ثمن بدستور مشتری کے ذمہ واجب الاداء رہے گا لیکن اگر مبیع مرہون بائع (مرتہن) کی تعدی سے ہلاک ہوئی تو مرتہن بازاری قیمت کا ضامن [Guarantor] ہو گا، ثمن کا ضامن نہ ہو گا۔(۱۰۶)

بیع میں رہن جائز ہے لیکن اگر صلب عقد میں رہن مشروط ہو تو اس کے جواز میں اختلاف رائے ہے:

شافعیہ کی رائے میں اگر بائع اور مشتری اس شرط پر بیع کریں کہ مبیع بائع کے پاس ثمن کے عوض بطور رہن محبوس ہوگی تو یہ بیع صحیح نہیں ہے...... کیوں کہ جب انہوں نے رہن رکھنے کی شرط لگائی اس وقت مبیع مشتری کی ملکیت میں نہیں تھی، اگرچہ یہ شرط لگائی گئی ہو کہ مشتری اس مبیع پر قبضہ کرنے کے بعد اسے رہن کے طور پر رکھوائے گا یا قبضہ سے پہلے رہن رکھوائے گا...... ظاہر روایت میں یہ رہن درست ہے۔(۱۰۷)

اگر بیع کے عقد میں شرط نہیں لگائی گئی مگر بیع کے مکمل ہونے کے بعد اسی بائع کے پاس مبیع کو بطور رہن رکھوا دیا تو اس صورت میں بیع لازم ہونے کے بعد وہ مبیع بطور رہن رکھوائی تو یہ صورت بدرجہ اولیٰ صحیح ہے کیوں کہ جب بیع لازم ہو جائے تو مشتری بائع کے علاوہ کسی دوسرے کے پاس اس کو بطور رہن رکھوا سکتا ہے تو اس بائع کے پاس بھی رکھوا سکتا اسی طرح جب غیر ثمن کے بدلہ میں اس مبیع کو رہن رکھوا سکتا ہے تو ثمن کے بدلے میں بھی رہن رکھوا سکتا ہے۔ اگر لزوم بیع سے پہلے مشتری نے مبیع کو بطور رہن رکھوایا تو اس صورت میں یہ دیکھا جائے گا کہ مشتری کے لیے مبیع میں تصرف جائز ہوا تھا یا نہیں؟ لہٰذا جہاں اس کا تصرف جائز ہو وہاں اس کا رہن جائز ہے اور جہاں تصرف جائز نہ ہو وہاں رہن جائز نہیں ہے کیوں کہ رہن رکھوانا ایک قسم کا تصرف ہے اور اس کا حکم بیع کے مشابہ ہو گا۔(۱۰۸)

### ۷۔ بیع مؤجل:

بیع مؤجل وہ بیع ہے جس میں فریقین اس بات پر متفق ہوں کہ قیمت کی ادائیگی بعد میں کی جائے گی...... اس میں ادائیگی کی تاریخ مبہم نہیں ہونی چاہیے ورنہ یہ بیع ناجائز ہو جائے گی۔(۱۰۹)

### بیع مؤجل میں رہن بطور سکیورٹی:

قیمت کی ادئیگی کے لیے بائع خریدار سے کسی سکیورٹی کا مطالبہ کر سکتا ہے خواہ وہ رہن کی شکل میں ہو یا اثاثوں میں سے رقم کی وصولی کے حق کی صورت میں ہو۔(۱۱۰)

حاصل بحث یہ ہے کہ بینکوں اور تجارتی اداروں اور تجار کو سکیورٹی کی ضرورت رہتی ہے جس کا حل رہن کی صورت میں دیا گیا۔ ابتداء اسلام سے ہی بیوع میں رہن کار فرما رہا اور قانون اسلامی کا حصہ بنا۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس کی مختلف شکلیں وجود میں آئیں اور ہر دور کے فقہاء اسلام نے اس کا شرعی حل پیش کیا۔

### فقہاء کی نظر میں شے مرہونہ کی قانونی حیثیت:

فقہاء کی رائے میں رہن کی قانونی حیثیت مسلم ہے، ذیل میں چند نکات کے تحت رہن کی قانونی حیثیت کو بیان کیا جائے گا:

### اولا: سفر واقامت دونوں حالتوں میں جواز کا حکم:

سوائے چند فقہاء کے جن کا بیان پہلے گذر چکا ہے، سب کے نزدیک رہن کو سفر اور حضر دونوں میں رکھنا درست ہے اور سنت نبوی ﷺ سے ثابت ہے اور رہن کی زیادہ ضرورت سفر میں ہونے کی وجہ سے سفر کی قید لگائی گئی ہے۔(۱۱۱)

### ثانیاً: رہن کے امانت ہونے کا قول:

رہن کا قبضہ قابل ضمان ہے یا وہ مرتہن کے قبضہ میں امانت ہے اس حوالے سے فقہاء کی دو آراء ہیں:

شافعیہ، حنابلہ اور ظاہریہ کی رائے ہے، کہ شے مرہونہ مرتہن کے پاس امانت ہے اور وہ اگر کسی آفت یا طبعی موت سے ہلاک ہو تو مرتہن پر ہلاکت کی ذمہ داری نہیں آئے گی اور اس کا قرض علی حالہ راہن پر باقی رہے گا، دین سے کچھ ساقط نہ ہو گا۔(۱۱۲)

مالکیہ کی رائے میں جن اشیاء کی ہلاکت پوشیدہ نہیں ہوتی اور وہ قبضہ کی حالت میں ہلاک ہوں یا یہ گواہی قائم ہو جائے کہ مرتہن کی غلطی کے بغیر ہلاک ہوئی ہے تو امانت کا حکم ہو گا۔(۱۱۳) جو شے پوشیدہ ہو اور اس کی ہلاکت پر گواہی قائم نہ ہو سکے کہ مرتہن نے اس کو جان بوجھ کر ہلاک کیا ہے تو مرتہن پر ذمہ داری آئے گی۔(۱۱۴)

فقہاء نے رہن کے امانت ہونے پر دلیل یہ پیش کی ہے، کہ حضورﷺ نے فرمایا: "**لایغلق الرهن من صاحبه الذی رهنه له غنمه وعليه غرمه**"(۱۱۵) رہن کو اس کے مالک (جس نے اس کو رہن کے طور پر رکھوایا ہے) سے نہیں روکا جائے گا، اس کا فائدہ مالک کے لیے ہے اور نقصان مالک کے ذمہ ہے۔

فقہاء احناف کی رائے میں جب رہن کو مرتہن کے قبضہ میں دے دیا گیا تو اس کے ضمان و ذمہ داری میں آ گیا۔ اب اگر شے مرہونہ مرتہن کی زیادتی کے بغیر ہلاک ہوئی تو مرتہن شے مرہونہ کی قیمت کا ذمہ دار ہو گا اور اگر رہن کی قیمت قرض بڑھ جائے تو زیادتی میں امانت کا حکم ہو گا۔(۱۱۶)

احناف کی دلیل ہے کہ رسولﷺ نے فرمایا: "**الرهن بما فيه**"(۱۱۷) رہن اس قرض کے بدلے میں ہے، جس کے عوض مال رہن رکھا گیا۔

عطا بن ابی رباح کی بیان کردہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے مرہونہ گھوڑا مرتہن کے پاس ہلاک ہوا تو حضورﷺ نے مرتہن سے فرمایا کہ تیرا حق چلا گیا ہے۔(۱۱۸) اس حدیث سے دین کے سقوط کی اطلاع ملتی ہے کہ مرتہن کا حق وہ قرض ہے جو وہ راہن کو (پہلے سے) دے چکا ہوتا ہے۔(۱۱۹)

جمہور فقہاء کی رائے ہے کہ مرتہن کی تعدی سے رہن ہلاک ہو تو مرتہن ضامن ہوتا ہے۔ اس میں امانت کا حکم نہیں ہو گا۔(۱۲۰) احناف کی رائے میں مرتہن جان بوجھ کر شے کو ہلاک کرے تو کل قیمت کا ضامن ہو گا۔(۱۲۱)

## ثالثاً: رہن سے انتفاع:

راہن یا مرتہن کے شے مرہونہ سے انتفاع کے متعلق فقہاء کی آراء میں بکثرت اختلاف رائے پایا جاتا ہے، جن کا مطالعہ فقہ کی کتابوں میں کیا جا سکتا ہے۔ ذیل میں نہایت اختصار کے ساتھ ائمہ کی آراء کو پیش کیا جاتا ہے:

۱۔ راہن کا انتفاع:

جمہور کی رائے میں رہن شے مرہونہ کا مالک ہے اور اس کے منافع، دودھ اور سواری وغیرہ راہن کے ہیں(۱۲۲) لیکن کیا حالت رہن میں وہ منافع راہن لے سکتا ہے، حدیث: "**الظھر یرکب**"(۱۲۳)، "**لایغلق الرھن**"(۱۲۴) اور حدیث: "**الرھن مرکوب ومحلوب**"(۱۲۵) وغیرہم کو دلیل بناتے ہوئے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا وہ ان سے انتفاع کر سکتا ہے، اس حوالے سے جمہور فقہاء کی رائے ہے کہ دودھ اور سواری وغیرہ شے مرہون کے ساتھ ہی رہن ہوتے ہیں اور راہن ان سے انتفاع مرتہن کی اجازت کے بغیر نہیں کر سکتا۔(۱۲۶) راہن نے (بلا اجازت) جتنا انتفا ع کیا اتنی قیمت کا ضامن ہو گا، کیوں کہ اس نے اپنے فعل سے مرتہن کے حق میں تعدی کی ہے۔ رہن کو ہلاک کرنے کے بدلے میں وہ قیمت مرتہن کے حبس میں دی جائے گی اور دین اس کے ساتھ جڑ جائے گا، یہی حنابلہ کی رائے ہے۔(۱۲۷)

مالکیہ کی رائے میں اگر مرتہن نے رہن سے انتفاع کی اجازت دی تو (گویا اس نے راہن سے اپنا حق گرا دیا)، اگرچہ اس سے انتفاع نہ کیا جائے، دین بلا رہن رہ جائے گا اور مانع کے وقت مرتہن کو اس سے خاص نہیں کیا جائے گا۔(۱۲۸)

شافعیہ نے احتمال نقصان کو مد نظر رکھتے ہوئے کہا کہ جن اشیاء میں انتفاع سے نقصان کا احتمال ہے۔ ان اشیاء میں مرتہن کی اجازت کے بغیر انتفاع جائز نہیں ہے اور جن اشیاء میں انتفاع سے نقصان کا احتمال نہیں ہے ان سے انتفاع کے لیے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔۱۲۹)

## ۲۔ مرتہن کا انتفاع:

مرتہن کے انتفاع کے متعلق فقہاء کی آراء اختصار کے ساتھ درج ذیل ہیں:

**اولاً:** بلااجازت راہن انتفاع: جمہور فقہاء احناف، مالکیہ اور شافعیہ کی رائے میں مرتہن شے مرہونہ سے انتفاع نہیں کر سکتا، ان کی دلیل آیت رہن ہے، جس میں "**مقبوضہ**" کا لفظ دلالت کرتا ہے کہ مرتہن صرف قبضہ کرے گا اُسے تصرف اور استفادے کا اختیار نہیں ہے۔(۱۳۰) دوسری دلیل حدیث: "لایغلق الرھن" ہے، جس سے معلوم ہوتا کہ رہن کو اس کے مالک سے نہیں روکا جائے گا اس کی زیادتی اس کے لیے ہے اور اس کا نقصان بھی اس پر ہے، البتہ بعض فقہاء احناف کی رائے ہے کہ راہن کی اجازت سے مرتہن انتفاع کر سکتا ہے۔(۱۳۱)

حنابلہ کی رائے میں دودھ اور سواری کے جانور سے نفقہ کے بدلے، بقدر نفقہ بلا اجازت میں انتفاع کر سکتا مگر اس میں انصاف کرے گا۔(۱۳۲) ان کی دلیل حدیث: "**الظهر يركب**"(۱۳۳) ہے اس حدیث میں نفقہ کے بدلے میں مرتہن کو انتفاع کی اجازت دی گئی ہے۔

## رہن میں شرط کی صورتیں:

رہن میں شرط کی تین صورتیں ہیں:

**اولاً:** عقد رہن کے تقاضے کے مطابق شرط :جس میں کسی کے لیے نقصان کا احتمال نہ ہو، اس طرح کی شرط عقد رہن ایسی شرط لگائی جا سکتی ہے جو عقد کو پختہ کرے اور عقد کے تقاضوں کے مطابق ہو یعنی خود عقد کی حقیقت اس شرط کے پائے جانے کا تقاضا کرے جیسے مرتہن یہ شرط لگائے کہ راہن جب تک شے مرہون اس کے حوالے نہیں کرے گا وہ قرض نہیں دے گا، نیز ہر وہ شرط جو تاجروں کے عرف (Custom) میں عقد کے اندر داخل سمجھی جائے، جیسے کوئی شخص قالین اس شرط پر خریدے، کہ دکاندار قالین کو خریدار کے ہاں لگا کر دے گا۔(۱۳۴)

شرح مجلّہ میں ہے کہ ہر وہ شرط جو شرعاً نہ تو عقد کا مقتضی (Consequence) ہو اور نہ عقد کے مقتضی (Consequence) کی مؤید ہو اور نہ متعارف ہو اور نہ شریعت نے اس کو جائز کہا ہو، وہ شرط فاسد ہو گی۔(۱۳۵) رہن میں فاسد شرط لگانے سے رہن منعقد ہو جائے گا اور شرط کی پابندی قضاء نہیں ہو گی۔(۱۳۶)

**ثانیاً:** رہن سے انتفاع کی شرط: اگر واضح طور پر عقد رہن میں انتفاع کی شرط عائد کی تو اس حوالے سے مختصراً فقہاء کی درج ذیل آراء ہیں:

### ۱۔ قرض کے مقابل رہن سے انتفاع کی شرط:

احناف کی رائے میں اگر رہن قرض کے مقابلے میں ہو تو مرتہن کا عقد میں رہن سے انتفاع کی شرط لگانا جائز نہیں ہے، اس شرط سے قرض فاسد ہو جائے گا۔(۱۳۷) انتفاع کی شرط حرام ہے۔(۱۳۸) یہی امام مالک کی رائے ہے: "**ان كان الدين من قرض فلايجوزذلک لانه يصير سلفا جر منفعة**"(۱۳۹) قرض میں منفعت کی شرط جائز نہیں کیوں کہ وہ نفع کو کھینچنے ولا ہو جائے گا جس کے متعلق حدیث میں آیا ہے: "**كل قرض جر منفعة فهووجه من وجوه الربوا**"(۱۴۰) احناف کی رائے میں رہن قرض کے مقابل ہو یا بیع کے مقابل ہو کسی صورت میں رہن سے انتفاع کی شرط نہیں

لگا سکتے۔(۱۴۱) شافعیہ کی رائے میں اگر مرتہن نے انتفاع کی شرط لگائی...... تو یہ شرط باطل ہوگی۔(۱۴۲) عقد بھی باطل ہے۔(۱۴۳)

## ۲۔ بیع کے مقابل رہن سے انتفاع:

مالکیہ کی رائے میں رہن بیع کے مقابلے میں ہو تو مرتہن رہن سے انتفاع کی شرط لگا سکتا ہے...... گھروں اور زمینوں میں ایک مقررہ مدت تک شرط لگانے میں کوئی حرج نہیں، البتہ آپ نے حیوانات اور ملبوسات میں انتفاع کی شرط کو مکروہ کہا ہے۔ کراہت کی وجہ یہ ہے کہ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ حیوان اور کپڑا کیسی حالت میں لوٹایا جائے گا۔ ابن قاسم نے کہا کہ حیوان وغیرہ میں شرط انتفاع میں کوئی حرج نہیں جب اس کی مدت مقرر کی جائے ،کیوں کہ اس نے حیوان کو قیمت اور اس عمل کے بدلے میں یا کپڑے کو پہننے کے بدلے میں بیچا ہے، یہ بیع اور کراء (یعنی کرایہ پر دینا) کو جمع کرنا ہوا اس میں کوئی حرج نہیں۔(۱۴۴) شافعیہ اور حنابلہ کی رائے ہے کہ اگر منفعت مقدر یا معلوم ہو اور رہن، بیع میں مشروط ہو تو مرتہن کے لیے منفعت کی شرط لگانا درست ہے۔ گویا کہ اس نے بیع اور اجارہ کو ایک معاملہ میں جمع کر دیا اور یہ جائز ہے۔(۱۴۵) شافعیہ کی رائے میں رہن بیع میں مشروط ہو جیسے وہ کہے کہ رہن کی منفعت میرے لیے سال کی ہو گی تو یہ ایک معاملے میں بیع اور اجارہ کو جمع کرنا ہے یہ جائز ہے۔(۱۴۶)

**ثالثاً:** عرفا مشروط انتفاع: اگر عرف میں رہن سے انتفاع پایا جائے تو لفظاً انتفاع کی شرط عائد نہ بھی کی جائے، تب بھی رہن سے انتفاع ناجائز ہو گا کیوں کہ معروف کا حکم مشروط کی طرح ہو تا ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا عرف شرعی قانون کا ماخذ بن سکتا ہے، قرآن و سنت اور فقہاء اسلام کی نظر میں عرف کا کیا مقام ہے؟ کیا عرف کے قاعدے سے رہن سے انتفاع کو ناجائز کہا جا سکتا ہے؟ ذیل میں ان چند سوالات کا جواب مختلف پیرایوں دیا جائے گا:

## ا۔ عرف کا لغوی و اصطلاحی مفہوم:

"**عرفه يعرفه معرفة وعرفانا**" کا مطلب ہے کہ اس نے اسے پہچان لیا، "**المعروف**" نیکی اور "**المنکر**" اس کی ضد ہے، "**العُرف**" اقرار "**اَلنُّكرُ**" کی ضد ہے۔(۱۴۷) امام راغب نے لکھا ہے:

"**عرف: المعرفة والعرفان إدراک الشئ بتفكروتدبرلأثره**"(۱۴۸)

عرف: معرفت اور عرفان کسی شے کو اس کے اثر کی وجہ سے تفکر اور تدبر کے ذریعے سے جاننے کو عرف کہتے ہیں۔

**معجم لغة الفقهاء** میں ہے:

''**العرف: بضم فسكون، ج أعراف و عُرُفٌ؛ ضد النكر**''(۱۴۹)

عرف (عین کی پیش اور راء کی جزم کے ساتھ) اس کی جمع اعراف اور عرف نکر کی ضد ہے۔

سید شریف جرجانی نے لکھا ہے:

''**العرف: مااستقرت النفوس عليه بشهادة العقول، وتلقته الطبائع بالقبول، وهو حجة ايضا، لكنه اسرع الى الفهم، وكذا العادة، هي ما استمر الناس عليه على حكم العقول وعادوا اليه مرة بعد أخرى**''(۱۵۰)

عرف وہ ہے جو عقل کی گواہی کے ساتھ لوگوں کے اندر قرار پکڑ لے اور طبائع اس کو قبول کر لیں اور یہ بھی حجت ہے لیکن یہ کہ وہ آسانی کے ساتھ سمجھ آجائے اور اسی طرح عادت وہ ہے جس پر لوگ عقل کے کہنے پر کاربند ہو جائیں اور بار بار اس کا اعادہ کریں۔

ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی(☆) نے لکھا ہے کہ نکر کا لفظ عبرانی زبان میں نکہر ہے، نکر کے معنی نامعلوم و غیر متعارف کے ہیں اور عرف کے معنی جانے پہچانے اور معلوم و متعارف کے ہیں۔(۱۵۱)

معجم لغۃ الفقہاء میں ہے:

''**العرف: عادة جمهور قوم فی قول أو عمل**''(۱۵۲)

کسی قول اور فعل میں جمہور کی عادت کو عرف کہتے ہیں۔

علامہ قرطبی نے لکھا ہے:

''**العرف والمعروف و العارفة: كل خصلة حسنة ترتضيها العقول، وتطمئن أليها النفوس**''(۱۵۳)

عرف، معروف اور عارفہ ہر وہ اچھی خصلت ہے جس کو عقول پسند کریں اور نفوس اس سے مطمئن ہوں۔

---

☆ آپ ممتاز ماہر قانون ہیں۔ متعدد بلند پایہ کتب کے مؤلف اور معاصر عربی کتب کے مترجم ہیں۔ ''التشریع الجنائی الاسلامی'' کا اُردو ترجمہ اسلام کا فوجداری قانون آپ کی فاضلانہ کاوش کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

قرآن حکیم میں ''عرف'' اور ''معروف'' کا لفظ متعدد مقامات پر آیا ہے، جملہ مقامات کے مطالعہ سے اس لفظ کے معانی جو واضح ہوئے ہیں ان میں جانا پہچانا، خوشگوار، پسندیدہ اور نیکی کا عمل وغیرہ ہیں...... اور ایسا طریقہ جو معاشرے میں اچھے اور پسندیدہ رواج کے طور پر متعارف ہو۔(۱۵۴) علامہ ابن جریر طبری نے لکھا ہے کہ کلام عرب میں عرف اسم مصدری ہے اور معروف کے معنی میں آتا ہے۔(۱۵۵)

## ۲۔ عرف سے قانون سازی کی اہمیت:

عربوں کا جاہلی دور ہو یا زمانہ اسلام ہو عرف و رواج سے قانون سازی کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ رہی، اسلام کے دور میں عرف کو شریعت کی روح کے تابع کر کے قانون سازی کی گئی، ذیل میں اس حوالے سے چند مثالیں پیش خدمت ہیں:

**اولاً:** قبل از اسلام اہل عرب کا قانون: اہل عرب عرف و عادت کے پابند تھے، عرف و عادت کی خلاف ورزی کی کسی کو اجازت نہیں ہوتی تھی، ہر قبیلے کا عرف ہی اس کا دین ہوتا تھا، عرف کے ذریعے حلال حرام کا تعین کرتے تھے۔(۱۵۶)

**ثانیاً:** عربوں کا رواج: عربوں کا کوئی تحریری دستور نہ تھا بلکہ ان کا نظام معاشرت ان کے رسم و رواج اور عرف و عادات پر مبنی تھا...... عربوں کی اکثریت بتوں کی پجاری تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے رسم و رواج میں بت پرستانہ رویہ ملتا ہے...... بت پرستی کے باوجود عربوں میں دین ابراہیمی سے متعلق بعض ایسی تعلیمات پائی جاتی تھیں جن کا تعلق ان کی مذہبی رسومات سے تھا۔ مثال کے طور پر کعبہ کی تقریبات، ختنہ کی روایت وغیرہ، یہ وہ واضح اثرات ہیں جو عرب سوسائٹی میں ملتے ہیں اور معاشرتی اقدار کے قیام میں بنیاد مہیا کر رہے ہیں۔(۱۵۷)

**ثالثاً:** رہن عربوں میں مروج تھا، وہ تاوان اور دیتوں کے بدلے میں اشیاء رہن رکھتے تھے، حتیٰ کہ ان کی ادائیگی ہو جائے اور کبھی کبھی وہ اپنی اولاد یا اپنے کسی سردار کو رہن میں رکھ دیتے۔(۱۵۸) کسریٰ کی گروی اولاد کے واپس لینے کا تذکرہ اعشیٰ نے اپنے اشعار میں کیا ہے۔(۱۵۹)

کعب بن اشرف کے قتل والی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب بیوی بچوں اور اسلحہ وغیرہ کو رہن رکھا کرتے تھے۔(۱۶۰)

**رابعاً:** بعد از اسلام عرف و عادت کا ماخذ قانون ہونا: اسلام کی آمد کے بعد بھی عرف کو ثانوی قانونی

حیثیت حاصل رہی حضورﷺ نے بعض معاملات میں عربوں کے عرف کو اختیار کیا اور آپ کی اتباع میں خلفاء راشدین، صحابہ، تابعین اور ائمہ مجتہدین نے عرف حسنہ کو اسلامی دستور میں داخل فرمایا۔ ذیل میں اس کی چند مثالیں پیش کی جا رہی ہیں:

## عرف قرآن کی روشنی میں:

عرف کے مطابق عمل کرنے کا حکم واضح طور پرقرآن حکیم میں ہے۔ اس حوالے سے ارشاد باری تعالیٰ ہے: "**خذالعفو وأمر بالعرف**"(۱۶۱) معافی کو اختیار کیجئے اور عرف کے مطابق حکم دیجئے۔

اسلامی قانون کا ایک ماخذ معروف ہے اور معروف سے مراد رواج اور دستور ہے۔ قرآن حکیم نے متعدد معاملات میں سوسائٹی کے دستور کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم دیا ہے۔(۱۶۲) اس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

**اولاً:** میراث کی آیت نازل ہونے سے پہلے دستور و رواج کے مطابق والدین اور اقربین کو میراث میں سے دیا جاتا تھا۔(۱۶۳)

**ثانیاً:** جن مطلقہ عورتوں کے مہر مقرر نہ کیے گئے ہوں، ان کو دستور کے مطابق دینے کا حکم دیا گیا ہے۔(۱۶۴)

**ثالثاً:** کسی کی مطلقہ بیوی اگر بچے کو دودھ پلائے تو اس کو کھانا پینا اور لباس وغیرہ دستور کے مطابق دیا جائے گا۔(۱۶۵)

**رابعاً:** اگر غریب آدمی یتیم کے مال کا منتظم ہو تو وہ اپنی محنت کی اجرت دستور کے مطابق لے سکتا ہے۔(۱۶۶)

**خامساً:** عرف و عادت سنت نبویﷺ کی روشنی میں: حضورﷺ نے عربوں کے بعض جاہلی دور کے رسم و رواج کو برقرار رکھا جس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

زمانۂ جاہلیت میں عربوں یہ رواج تھا کہ وہ مادی اشیاء کے علاوہ اپنے بیوی بچوں کو رہن رکھتے تھے کہ راہن مرتہن سے کہتا کہ اگرمیں فلاں وقت تک قرض کی رقم تمہارے پاس لے آؤں تو ٹھیک ہے بصورت دیگر رہن تمہارا ہو گا، یعنی تیری ملکیت ہو گا اورجب راہن، رہن کو شرط کے مطابق مقررہ وقت میں چھڑانے کی طاقت نہ رکھتا تو شے مرہونہ کو مرتہن کی ملکیت تصور کر لیا جاتا تھا۔

عہد اسلام میں دیگر رواجی قوانین کی طرح رہن کا قانون بھی موجود تھا۔ اسلام نے اس قانون کو

برقرار رکھا، البتہ جہاں خرابی تھی اس کو دور کردیا گیا۔ چنانچہ حضورﷺ نے اپنے فرمان: "**لا یغلق الرھن**"(۱۶۷) کے ذریعے غلق رہن (رہن کو اس طرح بند کرنا وہ مرتہن کی ملکیت بن جائے) سے منع فرمایا اور زمانہ جاہلیت کے اس طریقے کو باطل کیا۔

کعبہ کی تولیت اور حاجیوں کی سقایت کی روایت جو عربوں میں تھی، حضورﷺ نے اس کو جاری و برقرار رکھا۔(۱۶۸)

**سادساً: خلفاء راشدین کے دور میں عرف و عادت کا اعتبار:** خلفاء راشدین نے عربوں کی متعدد عادات و رسم و رواج کو برقرار رکھا۔ شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے دوسرے لوگوں کی مفید عادات کو نہ صرف اختیار کیا بلکہ ان کو اسلامی معاشرے میں رواج دیا...... مثال کے طور پر بیج، گندم اور جو وغیرہ۔

عربوں کے رواج کے مطابق کیلی اشیاء تھیں، جبکہ سونا اور چاندی وغیرہ موزونی اشیاء میں شمار کیے جاتے تھے۔ حضورﷺ اور خلفاء راشدین نے عربوں کے رواجی قانون اور تجارتی روایات کے مطابق ان کے اس عرف و عادت کو اختیار کیا۔(۱۶۹)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے:

"**ما راہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن**"(۱۷۰)

یعنی لوگ جس کو اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک اچھی ہے۔

**سابعاً: اہل روم، فرانس، انگلستان اور امریکہ کا ماخذ قانون:** روم اور فرانس کے شمالی صوبوں کے قانون کا ماخذ رسم و رواج رہے۔(۱۷۱) انگلستان اور امریکہ میں عرف عام قانون سازی کے اصول اساسی میں شمار ہوتا ہے۔(۱۷۲)

اس موضوع پر بکثرت مثالیں موجود ہیں، جن کا مطالعہ، کتب تفاسیر، حدیث، سیرت، تواریخ، اور فقہ میں کیا جاسکتا ہے۔

## ۳۔ عرف و عادت فقہاء اسلام کی نظر میں:

فقہاء کی رائے میں عرف و عادت شرعی حکم کی بنیاد ہیں جو شے عرف کے اعتبار سے درست ہو شریعت اس کو جائز قرار دیتی ہے۔ یہ بعض صورتوں میں ہے تمام حالات میں یہ حکم نہیں ہے۔(۱۷۳)

ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی نے ڈاکٹر حسین حامد حسان کے حوالے سے لکھا ہے کہ جو فقہاء عرف کو

ماخذ قرار دیتے ہیں ان کا مقصد یہ نہیں کہ عرف سے احکام شریعت اس طرح صادر ہو سکتے ہیں جس طرح کتاب و سنت سے ہوتے ہیں بلکہ ان کا مطلب ہے کہ نصوص شریعت اور علت بیان کرنے والے فقہاء کے الفاظ کی تعبیر وہ اختیار کی جائے گی جو عرف اور تعامل کے مطابق ہو اور الفاظ کے محض لغوی معنی پر تکیہ نہیں کیا جائے گا۔(۱۷۴)

شرعی اعتبار سے اسی عرف کا اعتبارہو گا جو عام ہو اور غلبہ کے ساتھ نافذ ہو، مجلّہ میں ہے: ''أنما تعتبر العادة اذا اطردت او غلبت'' ''العبرة للغالب الشایع لاللنادر''.(۱۷۵)

معروف کے قانون اسلامی کا اصل ماخذ قرآن و سنت اور ان سے اخذ و استنباط پر مبنی ہے مگر اس نے محدود دائرے میں سوسائٹی کے رواج کو عزت دی اور اس کو معروف کے لفظ سے تعبیر کیا جس کا مطلب یہ ہے کہ رواج، عقل اور فطرت سلیمہ کے لیے قابل قبول ہونا چاہیے(ملخصاً)۔(۱۷۶)

عہد حاضر اور اسلام کے قانون میں ہے کہ عرف قابل لحاظ اور قابل قبول وہی ہے جو شریعت کی نصوص اور اس کے مقاصد کے خلاف نہ ہو۔(۱۷۷)

معروف سے اہل عرب کا معروف مراد ہے، کیوں کہ قرآن مجید کے اولین مخاطب عرب تھے، لیکن لفظ معروف کا اطلاق صرف عربوں کے عرف پر نہیں ہے بلکہ اور دیگر اقوام کا معروف بھی معتبر ہو گا۔ مفسرین نے معروف کو عام رکھا ہے(ملخصا)۔(۱۷۸)

علامہ ابن کثیر نے آیت: ''**وعلی المولودله رزقهن وکسوتهن بالمعروف**'' کی وضاحت میں لکھا ہے: ''**أی: وعلی والد الطفل نفقةالوالدات وکسوتهن بالمعروف ای: بماجرت به عادة أمثالهن فی بلدهن من غیر اسراف ولا اقتار، بحسب قدرته فی یساره توسطه وأقتاره**''(۱۷۹) یعنی بچوں کی ماں کا نفقہ بچوں کے والد پر ہے وہ اپنے اپنے ملکوں کی عادت اور دستور کے مطابق ادا کریں نہ زیادتی کریں اور نہ کمی کریں بلکہ وسعت کے مطابق درمیانی خرچہ دیں۔

فقہ حنفی میں معروف پر مبنی جو فتاویٰ ملتے ہیں، ان فتاویٰ میں فقہاء نے اپنے اپنے ملکوں کے عرف کو اختیار کیا ہے۔ یہی عقل کا تقاضا ہے کیوں کہ اسلامی قانون تمام دنیا کے لیے ہے اور اگر معروف کو کسی ایک قوم کے ساتھ خاص کر دیا جائے تواس کی حکمت باطل ہو جائے گی (ملخصاً)۔(۱۸۰)

عہد حاضر میں پنکھے، ٹیلی وژن، واشنگ مشین اور ریفریجریٹر وغیرہ پر گارنٹی دی جاتی ہے اور

فروخت کے بعد ایک خاص مدت تک سروس کی شرط کے ساتھ خرابی کو درست کیا جاتا ہے جو کہ عرفاً جائز ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکل، کار وغیرہ کی خریداری پرفری سروس کی سہولت دی جاتی ہے۔ حالاں کہ قواعد فقہیہ کی رو سے بیع میں شرط جائز نہیں ہے۔

فقہاء کی رائے میں جو چیز عرف و عادت سے ثابت ہو وہ ایسی ہی ہے جیسے نص شرعی سے ثابت ہو۔(۱۸۱) عام رواج اس وقت حجت بن سکتا ہے جب وہ فقہاء کے صریح حکم کے خلاف نہ ہو...... نیز عرف و عادت کا اعتبار اس وقت کیا جائے گا جب وہ عام ہو اور غالب ہو جب تک عام لوگوں میں اس کا رواج عام نہ ہو اس کو حکم شرعی کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا۔(۱۸۲) عادت و عرف جب عام ہو جائیں تو وہ شرط کا درجہ حاصل کر لیتے ہیں۔ فقہاء کے ہاں اس حوالے سے قاعدہ ملتا ہے: "**المعروف عرفاً كالمشروط شرطا**"(۱۸۳)

اس قاعدہ کی بنا پر فقہاء نے رہن کے جواز اور عدم جواز کا قول اختیار کیا ہے، جس کی تفصیل درج ذیل سطور میں مذکور ہے:

## عقد رہن میں انتفاع کے حوالے سے عرف کی رعایت:

رہن سے انتفاع کا دار و مدار شرط پر ہے، قبل ازیں بیان ہو چکا ہے کہ عقد رہن میں رہن سے انتفاع کی شرط کی دو صورتیں ہیں، صراحت الفاظ کے ساتھ مشروط انتفاع اور عرف کے اعتبار سے مشروط انتفاع۔

صراحت الفاظ کے ساتھ مشروط انتفاع یہ ہے کہ عقد رہن میں نصاً، واضح کلام کے ذریعے زبان کے ساتھ انتفاع کا معاہدہ کیا جائے، تو اس انتفاع کو الفاظ کی صراحت کے ساتھ مشروط انتفاع کہیں گے۔(۱۸۴) اس کی حرمت کا بیان عقد رہن میں انتفاع کی شرط کے عنوان کے تحت بیان ہو چکا ہے، ذیل میں عرف میں جو نفع مشروط کی طرح متعارف ہے اس کا حکم قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کیا جا رہا ہے:

## مشروط زیادتی کا ربا ہونا قرآن و سنت کی روشنی میں:

ربا لغت میں زیادتی کو کہتے ہیں، اس سے مراد وہ زیادتی ہے جس کے مقابلے میں کوئی مال نہ ہو۔(۱۸۵) وہ قرض جس میں معیاد اور مال پر زیادتی کی شرط لگائی گئی ہو اور وہ مدیون کے ذمہ ہو وہ ربا ہے۔(۱۸۶) رأس المال پر مدت کے مقابلے میں جو متعین زیادتی لی جائے وہ ربا النسیئہ کہلاتی

ہے۔(۱۸۷) جبکہ معاملہ بیع میں اصل پر وہ زیادتی مراد ہے جو ایک ہی جنس کے بغیر کسی مہلت یا تاخیر کے دست بدست تبادلے کی صورت میں کی جائے، اس کو ربا البیوع بھی کہتے ہیں۔(۱۸۸)

زمانہ جاہلیت میں اہل عرب اپنا مال اس شرط پر قرض دیتے تھے کہ ہر مہینے مقررہ رقم لیتے رہیں گے اور اصل زر پورا باقی رہے گا۔(۱۸۹)

قرآن پاک نے زمانہ جاہلیت کی رباسے متعلق مروج تمام صورتوں سے منع کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ: "**یایھاالذین اٰمنوا لاتأکلوا الربوٰ......**"(الآیۃ)(۱۹۰) اے ایمان والو! سود نہ کھاؤ اور دیگر آیات قرآنیہ حرمت ربا پر شاہد ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "**کل قرض جر منفعة فھووجه من وجوہ الربوا**"(۱۹۱) ہر قرض جو نفع کھینچ لائے، وہ ربوا کی قسموں میں سے ایک قسم ہے۔ حضرت ابی بن کعب اور حضرت ابن عباس اور ابن مسعود رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین سے روایت ہے کہ انہوں نے نفع آور قرض سے منع کیا ہے۔(۱۹۲)

ابن سیرین کا قول ہے:

"**کل قرض جر منفعة فھو مکروہ قال معمر وقالہ قتادۃ**"(۱۹۳)

ہر وہ قرض جو نفع آور ہو، وہ مکروہ ہے، معمر نے کہا اور اسی طرح اس کو قتادہ نے بھی کہا۔

"**کل قرض جر**" والی حدیث میں "جر" کا لفظ معاہدہ قرض میں طے کر کے زائد رقم کے مفہوم کو ادا کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام ابو بکر جصاص نے تعریف میں "**المشروط**" کا لفظ بڑھا دیا ہے۔ چوں کہ یہ اضافہ معاہدے میں طے نہیں، اس وجہ سے اسے ربا نہیں کہا جائے گا۔(۱۹۴)

ابن سیرین سے روایت ہے:

"**قال استقرض رجل من رجل خمس مائة دینار علی ان یفقرہ ظھر فرسه فقال ابن مسعود ما اصبت من ظھرفرسه فھو ربا**"(۱۹۵)

ایک شخص نے دوسرے شخص سے پانچ سو دینار اس شرط پر ادھار لیے کہ وہ اسے اپنے گھوڑے پر سوار کرائے گا تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا جتنی سواری تم نے کی ہے وہ سب سود ہے۔

ابن مسعود کا دوسرا قول: امام مالک کو یہ بات پہنچی ہے کہ عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے:

> **"من اسلف سلفا فلا یشترط افضل منه وان کان قبضة من علف فهو ربا"(۱۹۶)**
> جو قرض دے تو اس سے زیادہ کی شرط نہ رکھے، اگر وہ مٹھی بھر گھاس ہو، تب بھی (زیادہ کی شرط کی وجہ سے) وہ سود ہے۔

حدیث ابن مسعود کی بنا پر شیخ محمود احمد نے معین نفع اور غیر معین نفع کی تقسیم کی اور کہا کہ نفع سے مراد معین نفع ہی ہے، کیوں کہ غیر معین نفع کی شرط تو مضاربت میں بھی ہے، لیکن باوجود مشروط قرض ہونے کے مضاربت جائز ہے۔(۱۹۷)

فقہاء کی آراء: احناف کی رائے میں جب مرتہن کا مرہون سے انتفاع، معاہدے کے ذریعے مشروط ہو جائے اور باہم اس شرط پر عمل ہو جائے تو بالاجماع حرام ہے۔(۱۹۸) نفع مشروط بر بنائے قرض سود اور حرام ہے، اگر عقد رہن میں انتفاع کی شرط ہو تو یہ قرض ایسا ہو گا، کہ جس میں منفعت ہے اور یہ ربا ہے۔(۱۹۹)

نفس قرض کے ساتھ جن شرائط کا تعلق ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس میں فائدہ حاصل کرنا مقصود نہ ہو اور حضور ﷺ نے ایسے قرض سے منع فرمایا ہے جس میں نفع حاصل کرنا مقصود ہو۔(۲۰۰)

جامع الرموز میں ہے:

> **"اذا شرط فيه من الانتفاع بالرهن كا لاستخدام والركوب والزراعة واللبس وشرب اللبن واكل الثمر فان الكل ربا حرام"(۲۰۱).**
> جب رہن میں مرتہن کے لیے انتفاع کی شرط لگائی جائے، جیسے خدمت لینا، سواری کرنا، کھیتی باڑی کرنا، لباس پہننا، دودھ پینا اور پھل کھانا یہ سب ربا میں شامل اور حرام ہے۔

بعض احناف کی رائے میں اجازت کے ساتھ انتفاع جائز ہے، اجازت کے ساتھ انتفاع اس وقت سود ہو گا، جب رہن کے عقد میں یہ شرط ہو کہ مرتہن اس سے نفع حاصل کرے گا۔(۲۰۲) اکثر فقہاء احناف کے نزدیک قرض کی طرح عقد بیع کے وقت مال مرہون سے انتفاع کی شرط لگانا درست نہیں اس لیے کہ یہ "**کل قرض**" میں داخل ہے۔(۲۰۳)

ابن قدامہ نے فرمایا:

**"کل قرض شرط فیه ان یزیده فهو حرام بغیر خلاف"**(۲۰۴)

ہر وہ قرض جس میں اضافہ کی شرط لگائی گئی ہو تو وہ بلاکسی اختلاف کے حرام ہے۔

شافعیہ کی رائے میں قرض میں اس قرض سے منع کیا گیا ہے جو منفعت کو کھینچ کر لائے اور عقد میں نفع کی شرط ہو، البتہ قرض کی ادائیگی سے زیادہ دینا مستحب ہے۔ مقرض اس زیادتی کو لے سکتا، چاہے قرض پر زیادتی صفتاً ہو یا عدداً ہو جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔(۲۰۵)

فقہاء کی رائے میں "**کل قرض جر نفعا فهوحرام**" کے شرعی قاعدے کے مطابق اس بات کی تصریح کی ہے کہ قرض دار مقرض کو اتنا ہی مال یا اس کے برابر لوٹائے گا جتنا اس نے لیا ہے، اس سے زائد لوٹانا اس کے لیے جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ یہ ربا ہے، البتہ اس مقید حرمت کا اطلاق اس وقت ہو گا جب قرض کا نفع مشروط یا متعارف ہو، جیسا کہ فقہ السنۃ میں ہے: "**لا يجوز ان يرد المقترض الى المقرض الا ما اقترضه منه او مثله تبعاً للقاعدة الفقهية القائلة: كل قرض جر نفعاً فهو رباً والحرمة مقيدة هنا بما اذا كان نفع القرض مشروطا او متعارفا عليه** "(۲۰۶) قرض کی اصل رقم پر جو زائد رقم مدت کے مقابلے میں شرط اور تعین سے لی جائے وہ سود ہے۔(۲۰۷)

ڈاکٹر طاہر القادری کی رائے میں سود تب متحقق ہوتا ہے، جب قرض خواہ کو ادائیگی قرض میں کچھ مہلت یا تاخیر کی سہولت مہیا کی جائے اور اسی مہلت و تاخیر کے معاوضے میں زراصل پر زیادتی کی شرط عائد کی جائے، ان کی رائے میں سود کے متحقق ہونے میں دو امور بالکل واضح ہیں:

الف۔ زر اصل پر زیادتی مشروط ہو جو وقت معاملہ طے کر لی گئی ہو اسے ( Express Fixation of Access) کہا جائے گا۔ متعارف زیادتی بھی اسی کے تحت آتی ہے کیوں کہ وہ مشروط کی مثل ہے، جسے (Implied Fixation) تصور کیا جاتا ہے۔

ب۔ یہ زیادتی معاوضہ وقت (نظیر التاجیل) کے طور پر متعین کی گئی ہے، یعنی ادائیگی قرض میں مہلت کے ساتھ ساتھ اس میں اضافہ ہوتا جائے۔(۲۰۸)

مذکورہ دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ حرمت اس وقت واقع ہوتی ہے، جب اصل قرض کی رقم پر اضافہ عقد قرض میں بطور شرط لازم کیا گیا ہو۔ حدیث: "**کل قرض جر نفعا فهوحرام**" میں اسی مشروط زیادتی کو ربا قرار دیا گیا ہے۔ قرض پر بڑھوتی اور وقت دونوں کا متعین ہونا ہی معاملہ کو سودی

بناتا ہے۔(۲۰۹) باقی رہی قرض پر غیر مشروط و غیر متعارف زیادتی، تو ایسی زیادتی کل قرض کے تحت نہیں، بلکہ احسان کے تحت آتی ہے اور احسان کے طور پر زر اصل کو اضافے کے ساتھ لوٹانا، سود نہیں ہے بلکہ شریعت کے تقاضے کے عین مطابق ہے۔

## عرف کے اعتبار سے مشروط انتفاع:

عرفاًمشروط انتفاع ہے جس میں واضح کلام کے ذریعے زبان کے ساتھ انتفاع کے متعلق کچھ نہ کہیں، البتہ عرفاً رسم و رواج کے حکم کے تحت انتفاع کی شرط از خود معلوم و ماخوذ ہو تو اس صورت میں بھی انتفاع حرام اور سود ہے۔(۲۱۰)

ربا کی حرمت پر قرآن و سنت میں واضح دلائل موجود ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قرض پر متعین زیادتی جو کسی مدت کے مقابلے میں لی جائے وہ ربا ہوگا۔ فقہاء کی رائے میں جو معروف ہے، اس کا حکم مشروط کی طرح ہو تا ہے، عرف کے متعلق فقہی ضابطہ درج ذیل ہے:

قاعدہ عرف: جو امر ظاہری عرف (Custom) میں مشہور و معروف ہو وہ ذکر کیے بغیر بھی مشروط کی طرح ہوتا ہے، ردالمختار میں ہے: "**فان المعهود كالمشروط لفظا**"(۲۱۱) اس لیے کہ جو عرف (Custom) کے اعتبار سے معہود ہو، وہ ایسا ہی ہے، جیسے لفظوں میں مشروط ہو۔

المجلہ میں ہے:

"**المعروف عرفا كالمشروط شرطا**"(۲۱۲)

جو شے عرف کے طور پر متعارف ہو، وہ شرط کے طور پر معلوم و متعارف ہو گی۔

## رہن سے انتفاع کا حکم:

فقہاء نے معروف کو مشروط کے حکم میں داخل کیا ہے، چنانچہ اگر مرہون سے انتفاع کا رواج عام ہو اور تو عرف کے پیش نظر یہ سمجھا جائے گا کہ راہن نے مرتہن کو مجبورا انتفاع کی اجازت دی ہے اور یہ اجازت "**المعروف كالمشروط**" کے تحت جائز نہ ہو گی۔(۲۱۳)

فتح القدیر میں ہے:

"**الغالب من احوال الناس انهم أنمايريدون عند الدفع الانتقاع ولولاه لما اعطاه الدراهم و هذابمنزلة الشرط لان المعروف كالمشروط وهو ممايعين المنع**"(۲۱۴)

لوگوں کا غالب حال یہ ہے کہ رہن کے وقت وہ مرہون سے نفع اٹھا نے کا ارادہ رکھتے

ہیں، اگر نفع متوقع نہ ہو تو دراہم قرض پر نہ دیتے اور یہ شرط کے قائم مقام ہے، کیوں کہ معروف کا حکم مشروط کے حکم کی مثل ہوتا ہے، اس سے ممانعت کا تعین ہوتا ہے۔

الاشباہ میں ہے:

**"یکرہ للمرتھن الانتفاع بالرھن باذن الراھن"**(۲۱۵)

یعنی مرتہن کے لیے راہن کی اجازت کے باوجود رہن سے انتفاع مکروہ ہے۔

رد المحتار میں تتارخانیہ کے حوالے سے منقول ہے:

**"ولو استقرض دراھم وسلم حمارہ الی المقرض لیستعملہ الی شھرین ،حتی یوفیہ دینہ او دارہ لیسکنھا فھو بمنزلۃ الاجارۃ الفاسدۃ ان استعملہ فعلیہ اجر مثلہ ولا یکون رھنا"**(۲۱۶)

اگر کسی نے دراہم قرض لیے اور اپنا گدھا مقرض کے حوالے کیا، تاکہ وہ دو ماہ تک اس کو استعمال کرے، یہاں تک کہ وہ اس کا دین ادا کر دے، یا اپنا گھر رہن رکھا تاکہ وہ اس میں رہے، تو یہ اجارہ فاسدہ کے بمنزلہ ہے، اگر اس نے استعمال کیا تو اس پر اجر مثلی ہے اور وہ رہن نہیں ہو گا۔

ڈاکٹر وہبۃ زحیلی نے کہا کہ مرہونہ گھروں کے متعلق ہمار ے زمانہ کے لوگوں کی عادت یہ ہے کہ وہ قرض ا س شرط پر دیتے ہیں کہ جب تک راہن اس کو اس کا دین لوٹا نہ دے، مرتہن اتنی دیر مرہونہ گھر میں سکونت اختیار کرے گا اور یہ ایسا قرض ہے جو مذاہب کے اتفاق کے ساتھ ناجائز ہے، عقد بیع وفا کی قسم سے نہیں ہے کیوں کہ لوگوں کے مقاصد بیع کی طرف نہیں پھرتے۔(۲۱۷)

فتاوی رضویہ میں ہے:

**"ھذا بعینہ حال اھل الزمان یعرفہ منھم کل من اختبر و معلوم ان احکام الفقہ انما تبنی علی الکثیر الشائع ولا تذکر حال شذت وندرت فیہ الجواز کما نص علیہ المحقق حیث اطلق فی فتح القدیر و غیرہ من العلماء الکرام فالحکم فی زماننا ھو اطلاق المنع لایرتاب فیہ من لہ المام بالعلم"**(۲۱۸)

یہی ہمارے زمانے کے لوگوں کا حال ہے جس کو ہر باخبر شخص جانتا ہے کہ فقہی احکام کی بنیاد کثرت سے واقع ہونے والے مروج حال پر ہوتی ہے اور اس حال کا تذکرہ نہیں کیا جاتا جس میں جواز شاذ و نادر ہو جس طرح صاحب فتح القدیر و دیگر علماء نے نص فرمائی

ہے، پس ہمارے دور میں مرہون سے مطلقاً انتفاع کی ممانعت کا حکم ہے اور اس میں علم سے تھوڑا سا تعلق رکھنے والے شخص کو شک نہیں ہو گا۔

موجودہ دور میں مرہونہ سے انتفاع: عہد حاضر میں عاقدین (دو معاہدۂ رہن کرنے والوں) کے درمیان بغیر فرض کئے انتفاع کا چل چلاؤ ہے، عرف اور رسم و رواج زمانہ سے صراحت کے ساتھ معلوم ہو تا ہے، کہ لوگ نفع کی غرض سے قرض دیتے ہیں اور لینے والے بغیر ذکر کیے اس کو قرار یافتہ سمجھتے ہیں۔ اگر مرتہن کو یہ معلوم ہو کہ اس کو نفع نہیں ملے گا تو وہ ہر گز معاہدہ رہن نہ کرے اور اسی طرح راہن قرض کی وجہ سے مجبوری کے تحت انتفاع کی اجازت دیتا ہے۔ مرتہن نفع کو اپنا حق سمجھتا ہے اور راہن کو اس پر مجبور کرتاہے۔ یہ انتفاع اگرچہ لفظاً مشروط نہیں لیکن عرفاً مشروط و معہود ہے۔ اس بنیاد پر حکم مطلق حرمت و ممانعت کا ہے۔ لہذا عقد رہن میں اگرچہ انتفاع کا ذکر نہ بھی ہو تو عرفاً معروف و مشروط قرار پا کر حرام ہو جاتا ہے۔ رہی بات راہنوں کی اجازت کی تو وہ قطعاً اسی عرف (Custom) پر مبنی اور اسی قرض کے دباؤ کے تحت پیدا ہونے والی ہے۔ اگر یہ دباؤ نہ ہوتا تو وہ ہر گز انتفاع کی اجازت نہ دیتے۔(۲۱۹)

صاحب فتاویٰ نذیریہ نے بھی عدم انتفاع کی تائید میں عرف (Custom) کے اسی قاعدہ سے استدلال کیا ہے۔(۲۲۰)

موجودہ دور میں غالب گمان یہی ہے کہ لوگ آمدنی حاصل کرنے کی غرض سے دوسروں کو زمین رہن پر دیتے ہیں، اور سود راہن کے انتفاع کی اجازت کے دینے کے باوجود حلال نہیں ہوتا اور قاعدہ ہے: "**المعروف کالمشروط**"(۲۲۱)

بہار شریعت میں ہے کہ موجودہ دور میں صور ت حال یہ ہے کہ لوگ قرض دے کر اپنے پاس اسی مقصد کے لیے رہن رکھتے ہیں کہ نفع اٹھائیں اور یہ اس درجہ مشہور و معروف ہے، کہ مشروط کی حد میں داخل ہے، لہٰذا اس سے بچنا چاہیے۔(۲۲۲)

کفایت المفتی میں ہے کہ راہن کی اجازت کے باوجود انتفاع کی ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ یہ اجازت حقیقی نہیں بلکہ دباؤ یا ضرورت کی وجہ سے ہے۔ اجازت راہن دیتا ہے، اس کی دلیل یہ ہے، کہ مرتہن، راہن سے یہ کہے کہ تم چاہو تو اجازت دو چاہو تو نہ دو تو راہن منافع مرہون کو دینا ہر گز گوارہ نہ کرے، تو سمجھ لیجئے کہ یہ اجازت حقیقی نہیں ہے۔(۲۲۳)

## انتفاع رہن میں ہدیہ کے عرف کی رعایت:

قرض پر کسی قسم کے ہدیہ کی شرط لگانا جائز نہیں ہے، حدیث شریف میں ہے، یحیٰی بن ابو اسحاق الھنائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ ہم میں سے کوئی شخص اپنے کسی بھائی سے قرض لے پھر اس کے بعد وہ اس کو ہدیہ بھیجے (تو کیسا ہے؟) تو انہوں نے جواب دیا کہ حضورﷺ نے فرمایا ہے: "**اذا اقرض احدکم قرضاأهدی له أو حمله علی الدابة فلایرکبهاولایقبله الا أن یکون جری بینه وبینه قبل ذٰلک**"(۲۲۴) جب تم میں سے کوئی کسی کو قرض دے پھر وہ اس کے لیے ہدیہ کرے یا اس کو سواری پر سوار کرے تو وہ نہ تو سوار ہو اور نہ ہی ہدیہ قبول کرے، مگر یہ کہ ان میں ایسا کرنا پہلے سے جاری ہو۔ اس نے قرض دیا تو ہدیہ نہ لے، یعنی وفا سے پہلے۔(۲۲۵)

اس حدیث سے قرض پر ہدیہ لینے کی ممانعت واضح ہے۔ فقہاء کی رائے میں حدیث مذکورہ سے مشروط ہدیہ مراد ہے یعنی اگر ہدیہ شرط کے ساتھ ہو تو وہ منع ہے۔ جیسا کہ ردالمختار میں ہے:

"**لو اهدی المستقرض للمقرض: ان کانت بشرط کره والا فلا**".(۲۲۶)

اگر مقروض قرض دہندہ کو ہدیہ تحفہ دے وہ اگر شرط کے ساتھ ہو تو مکروہ ہے، ورنہ مکروہ نہیں ہے۔

ابن منذر نے کہا:

"**اجمعوا علی ان المسلف اذا شرط علی المستسلف زیادة ام هدیة فاسلف علی ذالک ان اخذ الزیادة علی ذالک ربا**"(۲۲۷)

فقہاء کا اس پر اجماع ہے کہ قرض دینے والے نے قرض پر اضافہ یا ہدیہ کی شرط لگائی اور اس پر قرض دیا پھر اضافہ لیا تو وہ سود ہو گا۔

مالکیہ کی رائے میں...... حالت قرض میں انتفاع جائز نہیں ہے، اگرچہ راہن نے مرتہن کو رضاکارانہ طور پر رہن سے انتفاع کی اجازت دی ہو، یعنی مرتہن نے منفعت کی شرط نہ لگائی ہو اور راہن نے اس کو اپنی مرضی سے انتفاع کی اجازت دی ہو تو یہ انتفاع درست نہ ہوگا۔ کیوں کہ یہ ہدیہ مِدیان ہے، یعنی بہت زیادہ قرض دینے والے کا ہدیہ ہے، جس سے نبیﷺ نے منع فرمایا ہے۔(۲۲۸) اگر مال قرض کے بدلے میں رہن ہو تو کسی حالت میں بھی اس سے فائدہ اٹھانا درست نہیں ہے۔ خواہ اس کی شرط ہو یا نہ ہو اور راہن نے اجازت دی ہو یا نہ دی ہو اور انتفاع کے لیے مدت مقرر ہو یا نہ ہو کیوں کہ ایسا قرض جس میں انتفاع کیا جائے سود اور حرام ہے۔(۲۲۹)

مالکیہ نے مذکورہ بالا حدیث کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہدیہ لینے سے منع کیا احتیاط اسی میں ہے مگر حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں وہ ہدیہ مراد ہے جو عقد کے وقت سے قرض میں مشروط ہو، اگر ایسی صورت نہ ہو تو ہدیہ جائز ہے، ان میں ہدیہ کا عرف و رواج ہو تو وہ ہدیہ کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ کیوں کہ قرض دار ہونے کے باوجود صحابہ میں ایسے ہدیہ کے تبادلے کا ذکر ملتا ہے۔(۲۳۰)

حدیث مذکورہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرلوگوں کے مابین ہدیہ کا لین دین جاری ہو تو قرض کے لین دین کے بعد بھی ہدیہ کا تبادلہ کرنا ان کے لیے جائز ہے۔

علامہ شوکانی نے کہا ہے کہ ہدیہ اور عاریہ وغیرہ جب قرض کی مدت میں مہلت لینے کے لیے ہو یا قرض خواہ کو رشوت دینے کے لیے ہو یا قرض کے بدلے میں قرض خواہ کو نفع پہنچانے کے لیے ہو، تو وہ حرام ہے۔ کیوں کہ سود اور رشوت کی ایک قسم ہے اور اگر یہ قرض کے لین دین سے پہلے قرض دار اور قرض خواہ کے ما بین جاری عادت و رسم کی وجہ سے ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۲۳۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہؓ نے حضرت ابی بن کعب کا ہدیہ پہلے رد کر دیا پھر جب ان کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حسن نیت کا علم ہوا تو ہدیہ قبول کر لیا۔(۲۳۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ؓ نے قرض سود کی غرض سے نہیں دیا تھا اور نہ ہی حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے قرض کو مد نظر رکھتے ہوئے، رشوت یا قرض میں مہلت کی غرض سے ہدیہ بھیجا نہیں، بلکہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہدیہ بھیجنا صحابہ اور تابعینؒ میں مروج تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ میں ایک مچھیرے کا پڑوسی ہوں اور میں نے اسے پچاس درہم قرض دیا ہوا ہے اور وہ میری طرف مچھلی بھیجتا رہتا ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کا حساب کر اگر اس کی قیمت تمہارے قرض سے زیادہ ہو گئی ہے تو زیادہ مقدار واپس کر دے اور اگر برابر ہے تو اس کا بدلہ ہے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مچھیرے کا پڑوسی کے گھر متعدد مرتبہ مچھلی بھیجنا شاید فروخت کی نیت سے (متعارف) تھا یہ بھی ممکن ہے کہ قرض لینے والے شخص کے دل میں بار بار ہدیہ بھیجنے جانے سے شک پیدا ہوا ہو اور اس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہؓ سے مسئلہ پوچھا ہو اور آپ نے اس شخص کو حساب کرنے کا حکم دیا ہو۔(۲۳۳)

جملہ دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ قرض لینے والا کسی قسم کے ہدیہ یا نفع کا مطالبہ نہیں کر سکتا اور

نہ ہی ہدیہ وغیرہ کی شرط عائد کر سکتا ہے لیکن اگر قرض لینے اور دینے والے کے مابین ہدیہ وغیرہ کے تبادلے کا رواج ہو تو اس صورت میں فقہاء نے عرف کا اعتبار کرتے ہوئے جواز کا قول نقل کیا ہے۔

## رہن سے انتفاع میں احسان و مروت کی رعایت:

غیر مشروط اور غیر متعارف انتفاع کے جواز پر فقہاء نے قرآن و سنت سے استدلال کیا ہے ان کی رائے میں جب دین پر زیادتی، عقد میں مشروط ہو تو اتفاق کے ساتھ حرام ہے۔(۲۳۴) البتہ عقد ہو چکے اور اس کے بعد راہن نے مرتہن کو انتفاع کی اجازت دی تو یہ صورت جائز ہے۔(۲۳۵) لیکن رہن سے انتفاع کی یہ اجازت، بغیر کسی خارجی دباؤ یا ماحول سے مجبور ہوئے، محض خوشی و رضا اور اذن سے ہونی چاہیے۔(۲۳۶) فقہاء نے رہن سے انتفاع کے جواز یا عدم جواز میں شرط(۲۳۷) کو معیار قرار دیا ہے یعنی اگر قرض اس شرط پر دیا کہ نفع لیں گے تو وہ نفع بر بنائے قرض حرام ہے اور اگر قرض میں اس کا لحاظ نہ ہو، پھر آپس کی رضا مندی سے کوئی منفعت بطور احسان حاصل ہوئی تو وہ منفعت حسن سلوک کی بنیاد پر ہے، نہ کہ قرض کہ بنیاد پر، باہمی رضا مندی کے ساتھ کوئی نفع محض احسان اور مروت کے طور پر حاصل ہو تو وہ نفع بر بنائے حسن سلوک ہے۔ ایسا نفع مباح ہے، سود کے زمرے میں نہیں آتا۔(۲۳۸)

احناف کی رائے میں مرتہن کے لیے ضروری ہے کہ وہ نفع کی غرض سے نہیں بلکہ توثیق دین کی غرض سے قرض دے اور راہن اور مرتہن عقد رہن کے وقت صراحت کے ساتھ یہ طے کر لیں کہ مرتہن کسی قسم کا نفع اٹھانے کا مجاز نہ ہو گا۔ اس کے بعد راہن اگر اپنی خوشی سے انتفاع کی اجازت دے اور مرتہن اجازت کی بنیاد پر نہ کہ استحقاق کی بنا پر انتفاع کرے اور راہن کے منع کرنے پر فوراً منع ہو جائے ایسا انتفاع جب تک راہن کی مرضی ہے، حلال ہے:

> **"وذٰلک لان ما صار معروفا لایصیر مرفوعا بالسکوت فلا یکفی عدم الشرط بل شرط العدم کی یفوق الصریح الدلالة"(۲۳۹)**
>
> یہ اس لیے ہے کہ جو چیز معروف ہو چکی ہو وہ چپ رہنے سے مرفوع نہیں ہو جاتی۔ لہٰذا شرط نہ لگانا کافی نہیں ہے، بلکہ عدم نفع کی شرط ضروری ہو گی تا کہ صریح دلالت کو فوقیت ہو جائے۔

اگر فروخت کنندہ نے مال رہن سے استفادہ کی شرط نہیں لگائی، قبل ازیں اس شخص کا دوسرے خریداروں کے ساتھ مرہونہ مال سے انتفاع معلوم و معروف نہ ہو اور نہ ہی اس خطے میں مال مرہون

سے انتفاع کا رواج اور چلن ہو تو اس صورت میں خریدار کی اجازت سے استفادہ کیا جا سکتا ہے اور اگر مذکورہ باتوں میں سے کوئی بات پائی جائے تو انتفاع جائز نہیں۔ کیوں کہ یہ لین دین کے معاملے میں ایک فریق کی طرف سے ایسے اضافے کو مشروط کرنا ہے، جس کا کوئی معاوضہ ادا نہیں کیا جا رہا ہے اور فقہاء کے نزدیک معروف مشروط کے حکم میں ہے۔(۲۴۰)

بدون شرط برضا و رغبت اجازت انتفاع: شرط کے بغیر انتفاع کی اجازت ہے۔ اسی طرح اگر مرتہن عقد رہن کے ہونے سے پہلے انتفاع کر رہا تھا تو عقد کے بعد بھی وہ استفادہ کر سکتا ہے۔ خواہ عقد بیع کی صورت میں شے کو رہن رکھا گیا ہو یا عقد قرض کی صورت میں۔(۲۴۱) رہن میں انتفاع کی شرط نہ ہو اور بغیر شرط کے راہن اپنی مرضی سے مال مرہون میں مرتہن کو انتفاع کی اجازت دے، تو انتفاع درست ہو گا۔(۲۴۲) جب انتفاع مشروط اور متعارف نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، جیسا کہ درالمختار میں ہے:

"قالوا اذا لم تکن المنفعة مشروطة ولا متعارفة فلا باس"(۲۴۳)

فتاویٰ امدادیہ میں ہے کہ انتفاع بلا اشتراط و بلا تعارف جائز ہے۔(۲۴۴)

فتح القدیر میں ہے:

**"الا تری انه لو قضاه احسن مما علیه لا یکره اذا لم یکن مشروطا وقالو انما یحل ذٰلک عند عدم الشرط اذا لم یکن فیه عرف ظاهر فان کا ن یعرف ان ذٰلک یفعل کذٰلک فلا"**(۲۴۵)

اگر قرض میں نفع مشروط نہ ہو اور وہ احسن طریقے سے اس کو ادا کر دے تو یہ مکروہ نہیں ہے، قرض میں نفع شرط نہ ہونے کی بنا پر حلال ہے۔ فقہاء نے کہا کہ قرض میں نفع حلال ہے جبکہ اس میں نفع کی شرط نہ پائی جائے۔ نیز قرض پر بلاشرط نفع دینے میں عرف (Custom) نہ ہو اور اگر یہ ظاہر ہو، کہ وہ ایسا کرتا ہے تو حلال نہیں ہے۔

عہد حاضر کے فقہاء نے مرتہن کو انہی دو بنیادوں پر انتفاع کی اجازت دی ہے:

۱۔ عقد معاملہ کے وقت انتفاع کی شرط نہ لگائی گئی ہو۔

۲۔ بعد میں راہن نے انتفاع کی اجازت دی ہو۔(۲۴۶) رہن غیر مشروط میں مرتہن ضامن نہیں ہوتا ہے۔(۲۴۷) کیوں کہ یہ مرتہن کے لیے راہن کی طرف سے نیکی ہے۔(۲۴۸) امام محمدؒ نے کہا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے عمل سے ہم نے یہ اخذ کیا ہے کہ (قضاء دین کے وقت زیادہ دینے

میں ) کوئی حرج نہیں جب کہ بغیر کسی شرط کے ہو۔(۲۴۹) جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: "من اسلف سَلَفاً فلا یَشترط الا قضاء ہ"(۲۵۰) یعنی جس نے پیشگی قرض دیا تو وہ (عقد میں) صرف اس کی مثل کی ادائیگی کی شرط لگائے۔

فقہاء احناف کے نزدیک: "ان شرطه كان ربوٰ والا "(۲۵۱) اگر عقد رہن میں منافع لینا شرط کر لیا، تو یہ سود ہے اگر شرط نہیں کیا تو سود نہیں ہے۔

علامہ شوکانی نے کہا: "ویجوز ان یکونَ افضلَ او اکثرَ اذا لم یکن مشروطا"(۲۵۲) اور یہ جائز ہے کہ قرض اس رقم سے افضل یا زائد ہو جبکہ یہ پہلے مشروط نہ ہو۔

اجماع ائمہ: امام طحاوی کے نزدیک اہل علم کا اس پر اجماع ہے۔(۲۵۳)

جملہ دلائل سے واضح ہوتا ہے کہ اگر رہن میں انتفاع کی شرط لگائی گئی ہو تو مشروط انتفاع کے زمرے میں آئے گا اور اگر بلا شرط راہن یا مرتہن نے باہمی اجازت سے استحساناً انتفاع کیا تو جائز ہے۔

## قرض حسنہ کی ادائیگی میں عرف کا اعتبار:

حسن قضاء میں عرف کا اعتبار کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے بخاری شریف میں روایت ملتی ہے کہ حضورﷺ نے متعدد مرتبہ قرض لے کر ادائیگی کے وقت کچھ زیادہ عطا فرمایا۔ جیسا کہ بخاری و مسلم میں ہے(۲۵۴) وغیرہ میں ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے حضورﷺ نے قرض لیا اور اضافے کے ساتھ واپس لوٹایا(۲۵۵) اور دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قرض چار دینار کا تھا حضورﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو فرمایا:

> "اقضه و زده فاعطاه اربعةَ دنانير وزاده قيراطا قال جابر لا يُفارقنى زيادةُ رسول الله ﷺ"(۲۵۶)
>
> یعنی اسے قرض اضافے کے ساتھ لوٹا دو چنانچہ حضرت بلال نے مجھے چار دینار اور ایک قیراط عنایت کیا اور میں نے حضورﷺ کی طرف سے ملنے والے اضافے کو ہمیشہ اپنے پاس محفوظ رکھا۔

حدیث مذکورہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضورﷺ نے مطلقاً اضافے کے ساتھ قرض

لوٹانے کا حکم دیا اور اضافے کی مقدار متعین نہیں فرمائی لیکن حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اس پر ایک قیراط کا اضافہ کیا۔

علامہ ابن حجر عسقلانی نے اس کا سبب لکھتے ہوئے کہا:

**"وزاده ای زاد علی الثمن فاعطاه وزاد ه قیراطا فانه ﷺ لم یذکر عند امره باعطاء الزیادة مقد ارها فاعتمد بلال علی العرف فی ذٰلک فزاده قیراطا "(۲۵۷)**

